مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

جولائی 2017ء

روحانی ماہنامہ

تحفہ روحانیات

یا حلیم کی لوح بنانے کا طریقہ

بے اولاد حضرات کیلئے خوشخبری خاص شرف قمر

طلسم کی برکت سے مالا مال ہو جائیں

ملاقات حضرت خضرؑ

اوج شمس طلسم مال



چراغ الہ دین بنانے کا نسخہ

عید مبارک

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

عملیات پر نایاب ونادر قلمی بیاضیں

صدیوں پرانی

برائے مہربانی کتاب وی پی کرنے پر اصرار نہ کریں۔ ڈاک خرچ 50 روپے علیحدہ ہوگا

نام کتاب	تعارف
مجموعہ علم جفر، نجوم، عملیات (فارسی) 800 روپے	علم نجوم کے نقطۂ بزرگوں کا نایاب تحفہ، قلمی کا عکس
مراۃ النجوم 700 روپے	حکیم غلام قادر کی مشہور مدتہا نایاب کتاب، لاہور
لگن آفتاب (حصہ اول) 550 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی کی ہندی نجوم پر قدیمی کتاب، لاہور طبع قدیم
لطیف النجوم 600 روپے	نجوم پر ایک مکمل کتاب حیدرآباد دکن 1939ء
علم نجوم اور علم عجیبہ 700 روپے	قسمت کا حال، بھاگیا چکر، طلسمات، قلمی کا عکس
ستاروں کی تاثیر 600 روپے	لکی نمبرز کے کلیہ جات، علم نجوم کے ہیئت، 1355ء
سراج الرمل (فارسی) 650 روپے	نجوم پر ایک نایاب کتاب، کانپور 1908ء
خلاصۃ النجوم 650 روپے	ہندی نجوم کے قاعدے، گرہ لگن پنچھتر وغیرہ، لکھنو 1915ء
جوتش سارمالا 700 روپے	پنڈت کرشن کمار کتھلیا کی نایاب تخلیق، امرتسر
جوتش کا قاعدہ 600 روپے	پنڈت رگھناتھ داس جوتشی، قواعد جوتش، لاہور
پرشن آفتاب 660 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی، سوال کا جواب جوتش سے، لاہور مطبوعہ قدیم
انتخاب النجوم 560 روپے	ماہنامہ برائے اودھی، علم نجوم پر قابل تعریف محنت، کانپور
آسان جوتش باتصویر 650 روپے	بخشی ویت پرکاش شبھ اور اشبھ مہورت نکالنا، کمیاب
ابجد النجوم 650 روپے	سید ابوالحسن کی ایک قابل تعریف کاوش، لاہور

نام کتاب	تعارف
الخجوم 800 روپے	نہ بھلانے والی تحقیق، نجوم کی مکمل تعریف، قلمی کا عکس
کوک شاستر 1200 روپے	شاستروں پر تحریر کردہ راز کا خزانہ
عملیات قریشی 650 روپے	مجرب اعمال جن کی تلاش رہتی ہے (ڈاکٹر محمد ابراہیم)
طلسمات منازل قمر 650 روپے	قمری منازل کے طلسمات محمد عبداللہ، لکھنو چوک
بیاض عملیات 800 روپے	ذاتی مجربات علامہ شاد گیلانی
علاج مقناطیس 1300 روپے	ایسی قوتوں سے علاج کرنا جو انسان کے اندر پوشیدہ ہوں
ٹیلی پیتھی (حصہ اول) 600 روپے	پوشیدہ قوتوں کو بروئے کار لاکر کامیاب زندگی گزارنا
ٹیلی پیتھی سیکھیے 1100 روپے	ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی آسان مشقیں
گلزار تعویزات 750 روپے	تعویزات کی ایسی کتاب جس میں آسان عملیات
سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل 650 روپے	ہر آیت سے متعلق مختصر اعمال
عملیات کلام پاک 650 روپے	قرآن پاک سے مختلف بیماریاں، مشکلات کا حل (ثناءاللہ قادری چشتی)
عملیات فاروقی 650 روپے	مولانا بشیر احمد کی نہ بھولنے والی کاوش
اعمال قرآنی 700 روپے	قرآنی اعمال پر منتخب کتاب
محفل حاضرات 1050 روپے	حاضرات کے مختلف طریقے اور ان کے قواعد

نام کتاب	تعارف
مفتاح الحاجات 1050 روپے	نادر عملیات کا خزانہ
جامع الاسرار 600 روپے	وہ اعمال جن کی اکثر تلاش رہتی ہے
تحفہ مشکل کشاء 650 روپے	روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا اُنکا حل
علاج بذریعہ جنتر منتر تنتر 570 روپے	پیچیدہ امراض اور مسائل کا حل، تحریر۔ بی آر ورما
حب سربستہ راز 650 روپے	حصول محبوب کے نایاب اور مجرب اعمال
ذخیرہ سکندر ذوالقرنین 670 روپے	طلسمات اور عملیات پر قدیمی کتاب
چشمہ طلسم 700 روپے	طلسمات کا خزانہ جس کے بعد کسی اور کی ضرورت نہیں
صبح کا ستارہ 600 روپے	قرانی فالنامہ و قرآنی عملیات
عمل تسخیر نظر 700 روپے	عملیات، مسخرات خاص و عام پر مشتمل کتاب
صحیفۃ الانوار 450 روپے	خاص عملیات کا مجموعہ
تاثیرات اجتماع سیارگان 750 روپے	نجوم پر تحریر ہونے والی قدیمی کتب 1921ء
عملیات مقطعات 650 روپے	حروف مقطعات پر لکھی جانے والی جامع کتاب
عزیز الخلائق 550 روپے	زندگی میں مجرب مسخرات کا ایک عامل کامل ہونا ہے یہ عملیات کا خزانہ ہے
مجربات سلیمانی 700 روپے	مشہور تعویزات و نقوش انتہائی آسان اور پُر تاثیر

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

ماہنامہ روحانی

تخلیق روحانیات

ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

جلد نمبر 13 جولائی 2017ء شمارہ نمبر 1

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل (ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس)

عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)۔ بابا صدف انبالوی، منظور علی سموں، ماسٹر شوکت علی بروہی

علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس بپاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
جنات کی روحانی واردات	3	عمل نظرات سیارگان	26
گھروں میں موجود اثرات	6	ملاقات حضرت خضرؑ	27
زائچہ پیدائش ثمرات سیارگان	7	خاص شرف قمر	28
اسرار و رموز منازل قمر	11	یا حلیم کی لوح بنانے کا طریقہ	31
ستاروں کی چال و وظیفے کمال	16	سبزیوں کی افادیت	32
اوج شمس، ہبوط مریخ، اوج زہرہ	18	یہ ماہ کیسا رہیگا.....؟	34
اوج شمس، طلسم مالا مال	19	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	40
اوج شمس	20	روزانہ کے لکی نمبر	41
خصوصی عمل مال و دولت کیلئے	21	جولائی کے لکی نمبر	42
مشتری تثلیث زہرہ	22	پیغامات	45
حاضری مطلوب	23	آپ کی ڈاک	46
چراغ الہ دین بنانے کا نسخہ	24	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خریداری

انڈیا، نیپال، کویت، ایران، عمان 3000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبرشپ 720 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آہستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

شوال، زکات سورۃ مزمل

نوچندا اتوار سے روزہ رکھا جائے اور نوچندا جمعرات سے سورۃ مزمل روزانہ 49 بار 7 یوم تک پڑھی جائے۔ آٹھویں دن سے اس تعداد میں 7 کی کمی کرلیں۔ یعنی 42 بار پڑھیں گے۔ آئندہ مزید 7 روز بار تعداد کم کر کے 35 بار پڑھیں گے۔ مسلسل ہر 7 روز بعد 7 کی کمی کرلیں۔ یعنی 42 بار پڑھیں گے۔ آئندہ مزید 7 روز بار تعداد کم کر کے 35 بار پڑھیں گے۔ مسلسل ہر 7 روز بعد 7 کی تعداد سورۃ مزمل کم کرتے جائیں گے۔ آخری ساتویں ہفتہ صرف 7 بار پڑھنے کی تعداد رہ جائیگی اس کے بعد صاحب ورد سورۃ مزمل کا عامل ہوجائیگا۔ سورۃ مزمل سے متعلقہ تمام اعمال میں مدد لے سکتا ہے۔ بشرط کہ روزانہ سورۃ مزمل قبل نماز فجر 7 بار پڑھی جائے۔ تمام ورد میں درود مزمل اول و آخر 7 بار پڑھا جائیگا۔ دوران وظیفہ بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھنا شرط اول ہے۔ تمام آداب وظیفہ کو نظر میں رکھیں رجعت سے بچنے کیلئے ہر وقت کلمہ استغفار کا ورد رکھیں۔ مشاہدات کے بارے میں کسیس سے ذکر نہ کریں۔

قسط 36 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

اللہ کے حکم سے وظائف اور چلہ کشی جاری تھی پریشان کن لوگوں کے مسائل قرآن پاک کے ذریعے اللہ کے حکم سے حل ہو رہے تھے اسی دوران ایک عجیب واقعہ پیش آیا قارئین کی خدمت میں ماہنامہ تحفہ روحانیات میں صرف وہ واقعات پیش کئے جا رہے ہیں جو کہ اہم معلوماتی ہیں جن میں اعمال بارے آگاہی دی گئی ہو۔ اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ دیوی دیوتا اور اسی قسم کی دیگر مشرکانہ طاقتیں کوئی قوت نہیں رکھتی۔ یہ تمام مشرکانہ طاقتیں قوت ضرور رکھتی ہیں لیکن کوئی بھی طاقت اللہ کی قدرت سے باہر نہیں دراصل لوگوں کے خیالات ان مشرکانہ قوتوں کو طاقتور بناتے ہیں جیسا کہ کسی بھی لفظ کو بار بار ورد کیا جائے تو اُسکی قوتیں بیدار ہو جاتی ہیں ایسے ہی مشرک لوگ کسی بھی خیالی طاقت کا بُت بنا کر اُس بت سے قصے کہانیاں منسوب کر دیتے ہیں اور پھر اُسکی تعریف میں منتر یا بھجن گاتے ہیں لفظوں کا یہ جادو مضبوط خیال قوت تحریک کو جنم دیتا ہے اور پھر اُنہی منتروں کے چاپ کرنے سے خیال کی قوت مضبوط ہو کر کام کرنا شروع کر دیتی ہے۔

قرآن پاک کتاب عظیم ہے یہ کسی انسان کا بنایا ہوا کلام نہیں باری تعالیٰ کی جانب سے نازل کردہ قرآن معجزات و کرامات سے بھرا ہوا ہے۔ قرآن کی پہلی آیت میں فرما دیا گیا کہ اس کتاب میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں محترم دوستو اب آپ خود غور کریں کہ جب انسانوں کے بنائے گئے منتر تنتر اور خیالات اثرات ظاہر کر سکتے ہیں، وہ بھی اللہ کے حکم سے۔ تو خود باری تعالیٰ کا نازل کردہ کلام کس قدر طاقتور ہوگا۔ اس کی رحمت کس قدر وسیع ہوگی اس کلام کی برکات اور معجزات اور کرامات کس قدر ہونگی۔ انسانی عقل اُس حد تک نہیں جا سکتی ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم نے قرآن کو چھوڑ کر اپنا ایمان کمزور کر لیا اور دیگر مادی سہاروں کی تلاش میں نکل پڑے یہی وجہ ہے کہ دُنیا میں مسلمان موجودہ وقت میں انتہائی حقارت کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں اگر دل میں ایمان کی قوت ہو اللہ پر توکل ہو روح اور جسم پاک ہو یقین کامل ہو تو اللہ کے کلام سے بڑھ کر کوئی طاقت نہیں اس کلام کی برکت سے ہر شے ممکن ہے مگر خلوص نیت چاہیے۔

عرصہ ہوا کہ جاننے والے محترم عزیز نے اپنی پریشانی بیان کی کہ شادی کو سات سال ہو چکے اولاد کی نعمت سے محروم ہوں بہت لوگوں سے علاج معالجہ کروایا مگر بے سود، میڈیکل چیک اپ مکمل طور پر بھی کروا چکے ہیں کچھ کمزوری بتائی گئی لیکن اتنی بھی نہیں کہ اولاد نہ ہو۔ رات ہم دونوں نے فیصلہ کیا کہ صبح آپ کی خدمت میں حاضر ہونگے کہ آپ کلام اللہ سے ہمارا مسئلہ حل کریں۔ ان محترم صاحب سے قربت داری بھی ہے لیکن دلی محبت کی بناء پر ان کے مسئلہ کے حل کیلئے کوشش کی گئی بارگاہ الٰہی میں التجا کی۔ جواب پا کہ مسئلہ اُن کی رہائش کا ہے جس گھر میں یہ لوگ رہائش پذیر تھے تقسیم سے قبل وہاں مندر تھا۔ یہ الگ بات ہے کہ یہ مندر اب محلہ میں تبدیل ہو چکا تھا لیکن یہ جگہ اب بھی مندر کے نام سے مشہور ہے مراقبہ میں پتہ چلا کہ اُن کے رہائشی کمرہ میں بھی بُت رکھ کر پوجا پاٹ کی جاتی تھی اور اس کمرہ سے متصل ہنومان کا مندر ہے جہاں پر اُس کی بڑی مورتی اور اُس کے گرد دیگر چھوٹی مورتیاں رکھی جاتی تھیں۔ ان صاحب سے اس مختصر معلومات بارے ذکر کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ آپ کی بات بالکل درست ہے تقسیم کے بعد ہمارے آباؤ اجداد ملتان اس علاقہ میں آئے چونکہ تعداد میں تیس سے چالیس افراد تھے اس جگہ کا انتخاب کیا جگہ جگہ پر لاشیں بکھریں ہوئیں تھیں۔ ہندو بلوائیوں کے ڈر سے رہائش کیلئے مندر سے زیادہ محفوظ مقام سمجھ میں نہ آیا لہذا یہیں سکونت اختیار کر لی۔ کچھ حواس بحال ہوئے تو گرد و پیش کا جائزہ لیا جس جگہ ہمارا رہائشی کمرہ ہے وہاں پر گائے کی چند مورتیاں، گنیش اور اسی طرح کی دیگر مورتیاں موجود تھیں۔ تایا جان نے اُن تمام مورتیوں کو توڑ ڈالا۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ چند دن بعد اُن کے ازدواجی حالات خراب ہوئے جبکہ نئی نئی شادی ہوئی تھی۔ پھر تایا حیات اُن کی اولاد نہ ہوئی۔ والد صاحب نے اُن کی اولاد کی کمی کو دور کرنے کیلئے ہمارا بڑا بھائی اُن کی گود میں ڈال دیا پھر دیکھا گیا کہ ہمارے اُس بھائی کی شادی بھی بڑی دھوم دھام سے کی مگر عرصہ گزرا وہ بھی اولاد کی نعمت سے ابھی تک محروم ہیں اکثر و بیشتر والدین اور تایا ابو کے خواب میں وہ مورتیاں آتی ہیں مختلف اوقات دھمکی آمیز لہجہ میں کہہ کر جاتی ہیں کہ تم نے ہماری عزت نہ کی اب ہم تمہاری نسل کو آگے بڑھنے نہ دیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ میں بھائیوں میں سب سے چھوٹا ہوں شادی کو سات

سال کا عرصہ گزر چکا روحانی وجسمانی علاج بھی کروائے مگر اولاد جیسی نعمت سے محروم رہا۔ ان صاحب کی مکمل بات سننے کے بعد اندازہ ہو چکا تھا کہ مشرکانہ طاقتیں اس حد تک اپنی قوت کا اظہار کر سکتی ہیں اور کر رہی ہیں بارگاہ الٰہی میں بندہ احقر نے عرض کی ''الٰہی تیری طاقت سے بڑی کوئی قوت نہیں میری مدد فرما، تیرے پاک کلام کی برکت سے ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے ان مشرکانہ قوتوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دے دے''

مراقبہ میں بتایا گیا کہ بوقت تہجد با آواز اُسی مقام پر 3 یوم تک 41 بار سورۃ مزمل کا ورد کیا جائے اور اپنے مقصد کی دعا مانگی جائے ان 3 یوم کے بعد 41 دن اپنے مصلہ چلہ کشی جہاں پر گزشتہ تمام چلہ وظائف سورۃ مزمل کئے گئے اسی مقام پر بوقت تہجد 41 بار ورد کی جائے۔

پہلا دن تھا کہ دوران ورد تقریباً 7 فٹ اونچا بن مانس کی شکل سے مشابہہ جانور نما کوئی مخلوق ظاہر ہوئی جس کے گلے میں تقریباً 2 انچ بیضوی لاکٹ نما کوئی شے موجود تھی۔ کاندھے آگے کی جانب جھکے ہوئے تھے۔ بے چینی اور اضطرابی کیفیت میں پورے گھر میں گھوم رہا تھا۔ اُس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ کسی طرح اہل خانہ یا بندہ احقر محمد ایاز مزمل حسین شاہ کو نقصان پہنچا سکے۔ جس مقام پر آواز قرآن پاک کی تلاوت کی جائے شیاطین اس کے حواری اور دیگر نحس مشرکانہ طاقتیں بے چین ہو کر گھبرا جاتی ہیں۔ ایسا ہی ان مشرکانہ طاقتوں کے ساتھ ہو رہا تھا۔ بعد ورد مریضہ کی حالت خراب ہو گئی اور تمام دن اس خرابی حالت میں گزرا جسم پر بوجھ، سر اور پیٹ میں درد کی شکایت اور گھبراہٹ بہت زیادہ محسوس ہو رہی تھی۔ قرآنی آیات کا دم کیا گیا تو اُس کی یہ کیفیت ختم ہو گئی دوسرے روز پہلے دن کی طرح سورۃ مزمل کا ورد کیا گیا اس روز ایسا ہوا کہ اسی قسم کی دیگر مخلوق قریب جمع ہونا شروع ہو گئی۔ جب پہلے دن کی طرح سے آخری تعداد سورۃ مزمل ورد کی جا رہی تھی دیکھا گیا کہ ان مشرکانہ قوتوں کی تکلیف میں زیادہ اضافہ ہو گیا۔ یہ قوتیں اب انتہائی غضبناک حالت میں تھیں خوفناک چہرے اہل خانہ کے مخصوص افراد کو دکھائی دینا شروع ہوئے جن کا مطالبہ تھا کہ فوری طور پر سورۃ مزمل کے ورد کو روکا جائے نا معلوم کتنی صدیوں سے اس مندر سے پوجا پاٹ کی جاتی تھی۔ جس کے باطنی اور ظاہری اثرات رونما ہو رہے تھے ایسے مقامات کو پاک کرنا یا ان قوتوں سے نجات دلوانا بلاشبہ مشکل کام تھا لیکن قرآن پاک کی برکت سے یہ کام کوئی مشکل نہ تھا لیکن شرط اول دل میں ایمانی قوت موجود ہو۔

دوسرے روز اسی طرح اُسی وقت سورۃ مزمل کا ورد کیا جا رہا تھا اس روز یہ قوتیں باقاعدہ اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ حملہ آور ہونے کو تیار تھیں۔ کچھ کے ہاتھ میں بھالے اور ترشول تھے مکمل طور پر نحوست ان کی شکلوں سے ٹپک رہی تھی۔ ایک بولا میں اکیلا ہی ان کو کافی ہوں۔ اس کے فوری بعد کالی رنگت والی عورت نما سایہ آگے بڑھا۔ ہاتھ میں مٹی جیسی کوئی شے ہماری جانب پھینکی انتہائی چنگاڑتی آوازیں نکال رہی تھی۔ اب ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہو گیا۔ مشرکانہ قوتوں نے اپنے مکمل حربے آزمائے کھل کر وہ سامنے آ چکے تھے اہل خانہ کو دہشت زدہ کرنے کیلئے کئی طریقوں سے پریشان کرنے لگے۔ جب اُنکے حملے حد سے بڑھنے لگے تو آیت الکرسی کا حصار کیا گیا تعوذ تکبیر کے ساتھ سورۃ مزمل با آواز لاتعداد ورد کی گئی۔ دوسری جانب سے جوابی حملے بڑھنے لگے۔ تو بندہ احقر العباد نے اسی لمحہ لاتعداد

یا قاھر ذوالبطش لا یطاق انتقامہ بحق یا قھار

کا ورد شروع کر دیا اس کلام کا پڑھنا تھا کہ تمام شیطانی قوتیں پیچھے کی طرف ہٹنا شروع ہو گئیں ان کو بھاگتا دیکھ کر کلام الٰہی پر رشک آیا اب با آواز سورہ الفلق، الناس لاتعداد ورد کرنا شروع کر دی اس کلام کی برکت سے تمام شیطانی طاقتیں مٹی کی طرح دھول ہو گئیں۔ خوفناک منظر تھا ایسا لگتا تھا کہ ہر طرف سے چیخ پکار کی آوازیں آ رہی تھیں دھواں سے کمرہ بھرا ہوا تھا۔ ان دونوں میں بیوی کی جانب دیکھا تو وہ دونوں خوفزدہ تھے مگر کلام اللہ کے سامنے کسی کی نہیں چلتی۔ اللہ کے کلام کی قوت سب سے بڑی ہے۔

پھر تیسرے دن اس عمل کو دہرایا گیا تو حالت مراقبہ میں ان مشرکانہ طاقتوں نے رابطہ کیا ہاتھ جوڑ کر اپنی غلطی کی معافی مانگ رہی تھیں اور اس جگہ سے جانے کا اقرار کیا ان طاقتوں کے ختم کرنے کے تین روز مکمل ہو گئے اور وہ طاقتیں اس جگہ کو چھوڑ کر چلی گئیں۔ اس تمام جگہ کو حصار کر دیا گیا تا کہ دوبارہ یہ مشرکانہ قوتیں اس گھر کے تمام افراد یا اہل محلہ کو دوبارہ پریشان نہ کریں اس حصار کے بعد اہل خانہ نے خوشی محسوس کی اور واضح طور پر نحوست اور بدقسمتی، بے برکتی اُس گھر سے ختم ہو گئی اکثر اوقات بدبودار جھونکے بھی آتے تھے۔ اس واقعہ کے بعد پورے گھر کو خوشبو سے معطر کیا گیا ختم قرآن پاک اور ختم سورۃ مزمل کروایا گیا۔

باقی 41 یوم اپنے مقررہ مقام پر سورۃ مزمل کا ورد کرنا تھا۔ اس ورد کا بھی خاص طریقہ تھا جس کی ہدایت اُن دونوں میاں بیوی کو کر دی گئی اُنکو بتایا گیا کہ نماز تہجد کے وقت اسی کمرہ میں اگربتی سلگا کر باوضو لیٹا جائے اس دوران درود مزمل کا لاتعداد ورد کرتے جائیں۔

پانچویں روز وہ دونوں حاضر ہوئے کہنے لگے کہ شاہ صاحب ہم نے ایک عجیب بات دوران وظیفہ بوقت تہجد سورۃ مزمل کے ورد کی آواز ہم خود سُن رہے تھے کل رات تجسس ہوا تھوڑی سی آنکھ کھول کر دیکھی تو آپ ہمارے

قریب تھے جب وظیفہ ورد مکمل ہونے لگا۔ دیکھتے ہیں کہ دھوئیں کی شکل میں آپ روشن دان سے باہر تشریف لے گئے۔ بندہ احقر نے اللہ کا شکر ادا کیا اور یہ راز کسی بھی دوسرے شخص کو نہ بتانے کی ہدایت کی اسی طرح 40 روز مکمل ہوئے اب مکمل طور پر ان مشرکانہ قوتوں سے نجات مل چکی تھی۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انعام کے طور پر اس محنت کے بعد دعا قبول ہوئی۔ اللہ نے اُنہیں اولاد کی خوشخبری سے نوازا اس دوران درود مزمل اول آخر 41 بار ورد کیا جاتا تھا 2 رکعت نماز نفل برائے حصول اولاد و نجات مشرکانہ قوت ادا کی جاتی تھی۔ ہر بدھ اور جمعرات کو پانچ اناج کا صدقہ بوزن ایک ایک پاؤ دونوں میاں بیوی اپنے ہاتھ سے میدان میں پھینک دیتے تھے۔ وظیفہ کے دوران دو سے تین بار ہنومان اُن کو خود بھی نظر آیا مگر مجبوری بے بسی اور بے کسی کی حالت میں تھا۔

آئندہ ماہ خوشخبری ملی کہ اولاد کی اُمید پیدا ہو چکی ہے اس خاتون کو کیبل ٹی وی اور دیگر فضولیات سے دور رہنے کی ہدایت کی گئی اور کہا گیا کہ زیادہ تر وقت وضو میں رہیں کم از کم 9 ماہ کے دوران 3 بار قرآن پاک پڑھا جائے اچھے اور مثبت خیالات ہمیشہ دل میں رکھے بندہ احقر یہ ہدایت ہر حاملہ خاتون کو بھی کرتا ہے۔ اس کا براہ راست اثر پیٹ میں پرورش پانے والے بچے پر پڑتا ہے پھر ایسا ہوا کہ جب اللہ کے حکم سے اس بچی کی پیدائش ہوئی تو شکل و صورت میں انتہائی خوبصورت قرآن پاک کے ورد کی وجہ سے اور سورۃ مزمل کی برکت سے خوبصورتی کے علاوہ اللہ نے نیک سیرت سے نوازا۔ اس واقعہ کو تقریباً 15 سال کا عرصہ گزر چکا قرآن پاک کا معجزہ ظاہر ہوا کہ بہت کم عمری میں اس بچی نے قرآن پاک حفظ کر لیا اللہ تعالیٰ نے اولاد کی نعمت کے دروازے نہ صرف اس جوڑے پر بلکہ اس خاندان پر کھول دیئے اس بچی کی والدہ نیک سیرت ثابت ہوئیں۔ جو کہ 08 دسمبر 2011ء کو اس دار فانی سے کوچ کر گئیں۔ بچی کے والد نے اہل خانہ کے زور دینے پر دوسری شادی کر لی اللہ تعالیٰ نے اب اُسے مزید اولاد کی نعمت سے نوازا۔ اس طرح وہ مندر ایک خوشحال گھرانہ میں تبدیل ہو گیا یہ سب قرآن پاک کا معجزہ ہے مگر خلوص نیت اور کامل یقین شرط اول ہے۔

قارئین ایک بات ذہن میں رکھیں کہ یہ مشرکانہ قوتیں سخت سے سخت نقصان بھی دے سکتی ہیں اگر ان کے مقابل کمزور ایمان والا یا کمزور روحانی قوت والا شخص آ جائے تو یہ کسی صورت ہار ماننے کو تیار نہیں ہوتیں۔ ان شاء اللہ آئندہ ماہ قارئین کی معلومات میں اضافہ کیلئے کالی دیوی سے مقابلہ کس طرح ہوا اور کس طرح کس کلام کی برکت سے اُسے بھاگنے پر مجبور کیا یہ وہ کالی دیوی ہے جسے ہندو مذہب میں خوف کی علامت سمجھا جاتا ہے طاقت کا سرچشمہ مانا جاتا ہے کالی دیوی کے نام سے بڑے بڑے ہندو پنڈتوں کے پسینے چھوٹ جاتے ہیں اس کا رنگ سیاہ لال زبان نکلی ہوئی گلے میں انسانی کھوپڑیوں کی مالا موجود ہوتی ہے۔ بڑے سے بڑے ہندو تانترک اس کی تسخیر سے کتراتے ہیں بلکہ انکے پسینے چھوٹ جاتے ہیں لیکن یہ قرآن پاک کا اعجاز ہے کلام الٰہی کی برکت سے یہ خطرناک کالی ماتا بھاگنے پر مجبور ہو گئی۔

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس



طلسم قمر



طلسم عطارد



طلسم زہرہ



طلسم مریخ



طلسم مشتری



طلسم زحل



قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف و اوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کر لیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

گھروں میں موجود سیاروں کے اثرات

ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

محترم دوستو! نجوم پر ایک خاص مضمون آپ کی خدمت میں حاضر ہے۔اس خاص مضمون کے پہلے حصہ میں زائچہ پیدائش میں طالع کی اہمیت اور دوسرے حصہ میں سیارگان کی موجودگی خانہ اول تا چہارم شائع کی گئی ہے اُن لوگوں کیلئے جو کہ نجوم سیکھنا چاہتے ہیں قیمتی مضمون ثابت ہوسکتا ہے۔

طالع کی اہمیت

زائچہ بنانا ایک حسابی عمل ہے جبکہ اس کو پڑھنا ایک وجدانی عمل ہے کوئی بھی فرد زائچہ بنا سکتا ہے لیکن ہر فرد اس پر احکام بیان نہیں کرسکتا۔اس کے لئے عمومی ذہنی سطح کی نسبت ایک اعلیٰ دماغ اور ذہنی صلاحیتوں کی ضرورت ہوتی ہے۔صرف یہی نہیں بلکہ جس قدر آپ زائچہ بنانے اور احکام بیان کرنے کی مشق کریں گے اس تناسب سے آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔جو آخر کار آپ کو اس میدان میں کامیابی سے ہمکنار کرنے کا باعث بنے گا۔

طالع زائچہ کا وہ واحد گھر ہے جس کے بغیر کسی دوسرے گھر یا مولود کے کسی بھی معاملہ حیات کے بارے میں احکام بیان نہیں کئے جاسکتے۔

انسانی زندگی کے ہر پہلو کا تعلق لازماً طالع کے ساتھ ہوتا ہے شکل وصورت ہی نہیں بلکہ جسم کی بناوٹ یعنی صرف اس کی رنگت، اعضاء کی ساخت یا کسی عضو کا متاثر ہونا فرد کے مالی معاملات اس کے خاندانی اور اس کے خاندانی اور اس کی زندگی میں عمومی حالت اور تمام امور جن کے احکمات درج ذیل دیئے جاتے ہیں طالع کی اہمیت میں غیر معمولی اضافہ کرنے کا باعث بنتے ہیں حاکم طالع کے زائچہ کے دیگر گھروں میں اثرات،

طالع کا مالک اگر پہلے گھر میں ہوتو

یہ سعد علامت ہے زائچہ خوش قسمت، خوشحال، صحت مند، طاقتور، لمبی عمر والا، دشمنوں پر غالب آنے والا مختی ہوگا۔

دوسرے گھر میں ہوتو: ۔مالی امور میں خوش قسمتی کو ظاہر کرتا ہے ایسے فرد صحت حیثیت، لمبی عمر والا ہوتا ہے تاہم زندگی میں حاصل ہونے والی کامیابیاں عموماً اس کی ذاتی محنت کا نتیجہ ہوتی ہیں۔

تیسرے گھر میں ہوتو: ۔یہ بہن بھائیوں کے معاملات میں بہتری ظاہر کرتا ہے فرد کے تعلقات قریبی لوگوں کے ساتھ اچھے ہوتے ہیں ایسا فرد مذہبی خیالات کا مالک ہوتا ہے۔چھوٹے سفر کا امکان ہر وقت رہتا ہے۔

چوتھے گھر میں ہوتو: ۔وراثتی وخاندانی لحاظ سے حصول دولت وجائیداد وغیرہ کا ظاہر کرتا ہے۔اچھی قسمت خصوصاً بڑی عمر میں جا کر ہوگی۔

پانچویں گھر میں ہوتو: ۔ایک بڑے خاندان کا مالک اولاد سے خوشیوں کا حصول جوا، لاٹری، ریس اور انعامی بانڈ وغیرہ جیسی اسکیموں سے فائدہ حصول زر، کھیل اور تفریح کا شائق۔

چھٹے گھر میں ہوتو: ۔حاکم طالع کی یہ پوزیشن کچھ اچھی نہیں خصوصاً صحت کے مسائل سے واسطہ رہتا ہے تمام عمر کوئی نہ کوئی مرض فرد کے ساتھ چمٹا رہتا ہے خصوصاً شمس وقمر کو یہاں نحس نہیں ہونا چاہیے ورنہ صورت حال زیادہ خراب ہوسکتے ہے۔

ساتویں گھر میں ہوتو: ۔ساتویں گھر شریک حیات کا گھر ہے یہاں حاکم طالع کا ہونا ایک مہربان خوش قسمت اور خوبصورت شریک حیات کی علامت ہے۔

آٹھویں گھر میں ہوتو: ۔خرابی صحت خصوصاً جب شمس وقمر سے کسی طور نحس تعلق ہوتو زندگی مختصر ہوتی ہے تاہم شریک حیات کے ذریعے حصول دولت، یعنی شادی اس کو راس آتی ہے۔

نویں گھر میں ہوتو: ۔مذہبی رجحانات رحم دلی اور لمبے سفروں کو ظاہر کرتا ہے لمبے سفر، حج عمرہ زیارات وغیرہ کیلئے موافق ہے۔ملک سے باہر جانا سفر سے وابستہ روزگار اختیار کرنا اس کیلئے فائدہ مند ہوتا ہے۔

دسویں گھر میں ہوتو: ۔یہ حصول دولت، شہرت، اور عزت کی علامت ہوتی ہے۔حاکم طالع باصورت دیگر طاقتور ہوتو حکومت میں اعلیٰ عہدے اور بڑی فرموں اور اداروں کی سربراہی وغیرہ ملتی ہے۔زندگی کے دوسرے شعبوں میں بھی فرد کے لئے یہ کامیابی اور خوش قسمتی کی واضح علامت ہے۔

گیارھویں گھر میں ہوتو: ۔فرد محنتی اور کام کا شائق ہوتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ ملازمتوں وغیرہ سے اس کو فائدہ حاصل ہے۔اس کا حلقہ احباب وسیع ہوتا ہے۔اپنی پوزیشن حصول دولت، طاقت، عزت، اور پیشہ ورانہ کامیابی کی علامت ہے۔

بارھویں گھر میں ھوتو: ۔حاکم طالع کی یہ پوزیشن نحس ہے ایسا فرد مطلب پرست رنج الم اور ناخوش رہنے والا ہوتا ہے سزا ملنا بھی ممکن ہے۔

یہ گھر ذاتی حلیہ بہت ظاہری شخصیت، ذاتی خیالات کا اظہار جسم، قد وقامت اور خاص طور پر عضلات سے تعلق رکھتا ہے۔

پہلے گھر میں شمس ھوتو: ۔زندگی کا مطمع نظر اچھا رہنا اور ذاتی فلاح ہوتا ہے۔آپ اپنے جسم اور شخصیت کی طرف زائد توجہ دیں گے۔یا آپ شخصیت کی نشو ونما کے مختلف مدارج کا مطالعہ کرنا پسند کریں گے۔آپ کا اپنا پیکر اور امیدیں بہت بلند ہوں گے جب تک دسواں گھر یا اس کے نظرات مدد نہ دیں۔

پہلے گھر میں قمر ھوتو: ۔شخصیت کی نشو ونما جذبات کو بہت دخل ہوگا۔ذاتی خوشی کے لئے خوبصورت بہت اہمیت رکھے گی۔ چاند کی روشن راتوں میں پیدا ہونے والی لڑکیاں عموماً بہت خوبصورت جسم کی مالک ہوتی ہیں۔چہرہ گول ہوتا ہے۔جذبات کو چہرے سے باسانی پڑھا جا سکتا ہے۔پہلے گھر میں قمر کی موجودگی کے باعث پیدا ہونے والے افراد حساس اور شرمیلے ہوتے ہیں ان میں تنہائی اور علیحدگی کی بہت زیادہ خواہش ہوتی ہے اپنی باتوں کو دوسروں سے چھپانا زیادہ پسند کرتے ہیں تاہم ان کے موڈ کا اندازہ چہرہ سے باسانی ہو جاتا ہے۔

پہلے گھر میں عطارد ھوتو: ۔عطارد انسان میں ذہانت اور ہوشیاری کا تاثر پیدا کرتا ہے۔یہ باتونی بھی بناتا ہے۔ایسے افراد دوسروں کے متعلق ذاتی رائے رکھتے ہیں نروس اور بے چین قسم کے ہوتے ہیں۔اگر طالع جوزا ہو تو ایسے افراد دبلے پتلے اور بڑی تیزی سے حرکت کرنے والے ہوتے ہیں۔اگر طالع سنبلہ ہو تو تیز زبان تیکھے نقوش، کولہے چوڑے، آنکھیں گول، چوڑی اور تھوڑی گول ہوتی ہے۔

پہلے گھر میں زھرہ ھوتو: ۔ایسے افراد بہت خوبصورت اور پُرکشش ہوتے ہیں ان کے نقوش خوبصورت ہوتے ہیں جن میں نسوانیت زیادہ ہوتی ہے۔ان کو دیکھ کر گڑیا کا خیال آتا ہے فلموں میں کام کرنے والے زیادہ تر افراد کے طالع میں زہرہ ہوتے ہے۔مگر بڑی عمر میں ایسے افراد موٹے ہو جاتے ہیں۔لباس جدید ترین فیشن کے مطابق اور زرق برق پہنتے ہیں۔جس کے خودنمائی اور بے غرور کا بھی اظہار ہوتا ہے۔

پہلے گھر میں مریخ ھوتو: ۔ایسے افراد کی شخصیت بڑی ڈرامائی ہوتی ہے جسم کی نشو ونما مکمل ہوتی ہے۔ڈیل ڈول بہت اچھا ہوتا ہے۔جانفشانی اور محنت کے کاموں کو پسند کرتے ہیں۔، قبیلے کا رجحان ہوتا۔جنگجو بھی ہوتے ہیں لوگوں کو ڈرانے دھمکانے اور ان کے مخالفت کرنے کی طرف بھی مائل ہوتے ہیں۔

پہلے گھر میں اگر مشتری ھوتو: ۔جسمانی لحاظ سے مکمل ہوتے ہیں۔یا لمبے قد کے مالک ہوتے ہیں۔یا یہ دونوں باتیں ہوتی ہیں ضرورت سے زیادہ صاف گو ہوتے ہیں۔مگر ساتھ ہی عقل مند بھی ہوتے ہیں۔ایسے افراد جو کہتے ہیں وہ کرتے بھی ہیں۔سفر کے شوقین بھی ہوتے ہیں۔وہ افراد جن کا طالع قوس ہوتا ہے جن کے پہلے گھر میں مشتری ہوتا ہے ان کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ کہ وہ آزادی کے دلدادہ ہوتے ہیں لہٰذا نظم وضبط ان کے لئے ناقابل برداشت ہوتا ہے۔

پہلے گھر میں زحل ھوتو: ۔ایسے افراد میں پیدائش احساس کمتری ہوتا ہے جو ان کو بحث ودلیل بازی کی طرف رجوع کراتا ہے ایسے افراد دیکھنے میں معزور نظر آتے ہیں لباس صاف ستھرا اور پرانی وضع کا پہنتے ہیں مگر چہرے کے تاثرات اور دیکھنے کا انداز بیوقوفانہ ہوتا ہے خود اپنے خیالات کے مطابق وہ بدصورت کند ذہن ہوتے ہیں۔جب کہ حقیقت اس کے برعکس بھی ہو سکتی ہے۔کیریئر کے لحاظ سے ۲۱ سے ۵۰ سال کی عمر تک کا دور کامیاب ثابت ہوتا ہے۔

پہلے گھر میں یورانس ھوتو: ۔ایسے افراد غیر معتقد ہوتے ہیں یہ دوسروں سے مختلف ہونا چاہتے ہیں اور مختلف نظر آنا چاہتے ہیں ۔لوگوں کو اپنی موجودگی کا احساس اچانک دلاتے ہیں۔اور عموماً کامیابی حاصل کرتے ہیں۔لباس کے معاملے میں بھی انفرادیت کا خیال رکھتے ہیں لہٰذا یا تو نیا فیشن لاتے ہیں یا پھر فیشن کے خلاف لباس پہنتے ہیں۔

پہلے گھر میں نیپچون ھوتو: ۔ایسے افراد دیکھنے میں زود رنج سادہ لوح اور غیر محفوظ نظر آتے ہیں۔کسی لڑکی کے زائچے میں پہلے گھر میں اگر نیپچون ہو تو آدمی اسے تحفظ دینے کو تیار ہو جایا کریں گے ۔اگر طالع بُرج حوت ہو تو ایسے افراد سیلز مین بن کر لفظ ''نہیں'' کہنا تو بالکل پسند نہیں کریں گے۔ایسے افراد ہمدرد اور مہربان ہوتے ہیں اُن کی آنکھیں بڑی ہوتی ہیں اور اُسی کا تاثر دیتی ہیں۔

پہلے گھر میں پلوٹو ہوتو: ۔طالع میں یا طالع کے قریب پلوٹو کا موجود ہونا جنسی شخصیت کا باعث بنتا ہے آنکھیں چیلنج کرتی ہوئی اور جسم کے اندر گھسنے والی ہوتی ہیں ایسے افراد نڈر اور دلیر ہوتے ہیں اُن میں حاکمانہ جذبہ بہت ہوتا ہے۔لاشعوری طور پر اپنے آپکو پہلوان سمجھتے ہیں جو ہر نئے شخص سے ملنے کے بعد ہر مرتبہ اپنے اندر نئی طاقت محسوس کرتا ہے۔

سیارگان در خانہ دوم

دوسرے گھر کا تعلق جائیداد روپیہ، مالی فائدے ونقصان، مالی معاملات سے متعلق خرچ اور فضول خرچی سے ہوتا ہے۔

پیدائشی زائچہ دوسرے گھر میں شمس

ایسے افراد کی زیادہ توجہ مادی چیزوں روپے پیسے اور مالی تحفظ ہی کی جانب رہتی ہے ان کو تحفے تحائف متاثر کرتے ہیں۔بونس ان کی قوت کار بڑھاتے ہیں یہ لوگوں کو اُن کی دولت کے پیمانے میں تولتے ہیں دوسروں کو چاہتے ہیں یہ صرف اپنی رائے کو اہمیت دیتے ہیں غربت اور غیر محفوظ ہونے کا احساس ان کی خود اعتمادی کو تباہ کر دیتا ہے

دوسرے گھر میں قمر ہوتو: ۔ایسے افراد دوسروں کو تحفے تحائف دے کر محبت کا اظہار کرتے ہیں۔تحائف ان کے دل پر اثر کرتے ہیں۔کیونکہ ان کے جذبات کا اشیاء سے بہت قریبی تعلق ہوتا ہے یہ اس وقت خوش ہوتے ہیں جب ان کا اپنا گھر ہوتا ہے اور بنک میں بہت سا روپیہ۔مالی لحاظ سے غیر محفوظ ہونا ان کی زندگی اجیرن کر دیتا ہے۔

دوسرے گھر میں عطارد ہوتو: ۔ایسے افراد دماغی صلاحیتوں اور بولنے کی صلاحیتوں یعنی بات چیت لکھنے دکھانے درس وتدریس، اور اشیاء کی فروخت کے ذریعے روپیہ کمایا کریں روپے پیسہ، معاشیات اور مالیات کے موضوع پر گفتگو کی صلاحیت بدرجہ اتم موجود ہوگی اگر دوسرے گھر برج سنبلہ ہے تو اکاؤنٹنگ اور بک کیپنگ کی صلاحیت ہی آمدنی کے حصول کا ذریعہ ہوگی۔مالی معاملات طے کرنے کی بجائے تکنیکی مہارت ان میں موجود ہوگی۔اسی مہارت کے ذریعہ روپیہ کمائیں گے۔

دوسرے گھر میں زہرہ ہوتو: ۔مادی چیزوں کے معاملے میں قسمت اتنی اچھی نہ ہوگی۔جتنی مشتری کی موجودگی میں ہوتی۔تاہم اگر دولت مند نہ ہو جائے تو کم از کم زندگی پرسکون تو ضرور گزرے گی اور کسی حد تک تعیشات کا دخل بھی اس میں ضرور ہوگا۔آپ خوبصورتی کے ذریعہ روپیہ کمایا کریں گے۔اور خوبصورتی پر ہی خرچ کریں گے۔ایسے افراد زبردستی سودا کرنے کی بجائے اگر اشیاء کی کوالٹی کو مدنظر رکھا کریں تو زیادہ فائدہ اٹھائیں گے۔

دوسرے گھر میں مریخ ہوتو: ۔وہ اشیاء جن پر مریخ کی حکومت ہے وہ آمدنی کا ذریعہ بنیں گی یعنی

1۔ذاتی اظہار، جنگجوئی بحث، دلائل، وقت وطاقت، فروخت،

2۔قوت عمل وجسمانی کام

3۔جسمانی ہیبت یعنی ماڈلنگ وغیرہ کے ذریعے

4۔دھاتیں، آلات ہتھیار مجسمہ سازی، سرجری، کان کنی، لوہے وتانبے کی چیزیں۔

دوسرے گھر میں مشتری ہوتو: ۔دولت میں وسعت ہوتی ہے سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔ایسے افراد مالی لحاظ سے بہت خوش قسمت ہوتے ہیں۔ایسے افراد اعلیٰ تعلیم، پیشہ ورانہ کاموں، مذہب، سفر اور نشر واشاعت کے کاموں میں فائدہ حاصل کرتے ہیں۔

دوسرے گھر میں زحل ہوتو: ۔ایسے افراد کو ان کی توقعات سے بھی زیادہ ست روی سے روپیہ حاصل ہوگا اُن کی مالی حالت خستہ ہی رہا کرے گی۔لہٰذا سنجیدگی سے ان کو سخت محنت کی طرف توجہ دینی پڑے گی تقریباً تیس سال کی عمر میں انکو کفایت شعاری کی عادت پڑ جائے گی ۔چنانچہ بڑھاپا آرام سے گزرے گا۔

دوسرے گھر میں یورانس ہوتو: ۔بڑے عجیب کاموں اور ذرائع سے روپیہ ملا کرے گا مثلاً علم ونجوم، ریسرچ یا ایجادات وغیرہ۔اچانک ترقی یا مالی فائدہ حاصل ہوا کرے گا۔یا جب کواکب غیر موافق نظرات نقصان سے واسطہ پڑے گا زائچے میں دوسرے گھر میں یورانس کی موجودگی روپے پیسے کے متعلق معمولی سر درد یہ بھی پیدا کر دیتی ہے

دوسرے گھر میں نیپچون ہوتو: ۔میوزک آرٹ اور وزارت وغیرہ کے ذریعے آمدنی حاصل ہوا کرے گی دھوکے وفریب کے ذریعے نقصانات ہوا کریں گے کیونکہ ایسے افراد بآسانی دھوکہ کھا جایا کریں گے ۔کیونکہ یہ روپیہ محض آزادی سے لطف اندوز ہونے کیلئے کمایا کریں گے۔

دوسرے گھر میں پلوٹو ہوتو: ۔مالی حالات میں شدید اتار چڑھاؤ آیا کریں گے لکھ پتی بننے یا دیوالیہ ہونے کے امکانات ہیں اکثر لکھ پتی ہونے کے بعد دیوالیہ ہو جایا کریں گے۔پولیس میں ملٹری مین فائر مین یا سرجن کی حیثیت سے روپیہ کمائیں گے یا پھر ماہر نفسیات ماہر نجوم یا ماہر آثار قدیمہ کی حیثیت سے روپیہ کمائیں گے۔

سیارگان درخانہ سوئم

اس گھر کا تعلق سیکھنے سیکھانے بات کرنے لکھنے تعلیم پیغامات رسل ورسائل اندرون ملک سفر اور پڑوسیوں سے ہوتا ہے اس گھر میں کواکب کے جو اثرات مرتب ہوتے ہیں وہ درج ذیل ہیں

پیدائشی زائچہ تیسرے گھر میں شمس: ۔آپ اپنے آپ کو ایک دماغ کی مانند تصور کرتے ہیں الفاظ، تدریس اور تعلیم آپ کیلئے بے حد اہم ہے اپنی خود پسندی کیوجہ سے آپ اپنی ذہانت پر انحصار کرتے ہیں وہ افراد جنکے پہلے گھر میں شمس ہو وہ لکھنے لکھانے کے کام کو بطور پیشہ اختیار کرتے ہیں ٹیلی وژن ریڈیو اور صحافت آپ کیلئے بہترین کام ہیں۔

تیسرے گھر میں قمر ہوتو: ۔تنہا رہنے سے گریز کریں آپ کو حقیقتاً بات کرنے کیلئے دوسروں کی ضرورت ہے آپ کی جذباتی صحت کا انحصار ہی رسل رسائل مطالعے تدریس تعلیم حاصل کرنے اور عام حالات سے متعلق گفتگو پر ہے اگر کوئی کام نہ ہو تو بے چینی پیدا ہو جائے گی۔آپ کو عوام میں خیالات کے اظہار کے مواقع ملیں گے۔ایسے افراد کی آواز بلند یا نسوانی ہوتی ہے۔

تیسرے گھر میں عطارد ہوتو: ۔عطارد اپنے گھر میں طاقت ور ہوتا ہے یہاں عطارد بہترین لغوی مہارت دیتا ہے اور اسے استعمال کرنے کی طرف مائل کرتا ہے۔دراصل یہ ستارہ استادوں کا ہوتا ہے تاہم یہ دباؤ کی نشاندہی بھی کرتا ہے ایسے افراد سمارٹ اور باتونی ہوتے ہیں۔

تیسرے گھر میں زہرہ ہوتو: ۔ایسے افراد خوبصورت، شیریں نرم اور خوشگوار آواز کے مالک ہوتے ہیں۔ذرائع رسل ورسائل سے اگر منسلک ہو جائیں تو ان کی آواز اس کیلئے بہت موزوں ثابت ہوتی ہے۔لکھنے کا انداز کسی قدر آرٹسٹک ہوتا ہے۔جس میں بے شمار رنگین اور خوش آئند الفاظ ہوتے ہیں۔یہ الفاظ کے ذریعے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں اور حقیقتاً گفتگو کے ذریعے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں اور حقیقتاً گفتگو کے ذریعے اپنے جذبات کو کھول کر رکھ دیتے ہیں۔

تیسرے گھر میں مریخ ہوتو: ۔یہ لفظی جنگجوئی عطا کرتا ہے۔ایسے افراد تقاریر کے ذریعے یا پھر بحث ومباحثہ میں حصہ لینے کے بے حد شائق ہوتے ہیں اُن کا مقصد اپنے آپ کو صحیح اور دوسروں کو غلط ثابت کرنا ہوتا ہے۔نہایت تیز رفتاری سے گاڑی یا موٹر سائیکل چلانے کے بھی بہت شوقین ہوتے ہیں وہ افراد جن کے زائچہ پیدائش کے تیسرے گھر میں مریخ ہو وہ خواہ عورت ہو یا مرد دونوں ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی کے ذریعے اپنی مردانگی کا اظہار کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔

تیسرے گھر میں مشتری ہوتو: ۔ایسے افراد اپنی شخصیت کے اظہار کیلئے بڑے بڑے لفظوں کا سہارہ لیتے ہیں اور اپنے بارے میں بڑھ چڑھ کر بات کرتے ہیں طویل گفتگو کرنے والے ہوتے ہیں۔کسی بھی موضوع کے متعلق صفحات بھرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں وہ بات جو تین لفظوں میں بہتر طور پر کہی جاسکتی ہے اس کیلئے لفظ استعمال کرتے ہیں ایسے افراد ذرائع رسل رسائل یا درس وتدریس کے پیشے میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔

تیسرے گھر میں زحل ہوتو: ۔ایسے افراد سست محتاط، ٹریفک کے اصولوں پر عمل کرنے والے ہوتے ہیں مگر پھر بھی حادثات کا اکثر شکار کو ہوتے ہیں۔جب تک واقعی کوئی بات کہنے کے لائق نہ ہو خاموش ہی رہتے ہیں بات چیت کرنے میں سنجیدہ ہوتے ہیں۔استاد کی حیثیت سے بہت خشک مزاج ہوتے ہیں۔ایک طالب علم کی حیثیت سے اسکول کی زندگی کو خاصا مشکل پاتے ہیں۔مگر سنجیدگی سے گزارنے کی کوشش کرتے ہیں۔اور پھر کامیابی حاصل کرتے ہیں۔مگر نمایاں کامیابی حاصل نہیں کرتے یہ اُن لوگوں میں سے ہوتے ہیں جو سخت محنت کے بعد کامیابی حاصل کرتے ہیں۔

تیسرے گھر میں یورانس ہوتو: ۔ایسے افراد آواز اور بات کے انداز کے لحاظ سے امتیاز اور انفرادیت کے حامل ہوتے ہیں یہ افراد دوسروں کی نقل بآسانی کر سکتے ہیں لکھنے کا انداز غیر معمولی اور جدت لئے ہوئے ہوتا ہے۔ہوابازی کا شوق رکھتے ہیں اس کے علاوہ ٹرانسپورٹ ہی سے متعلق کاموں کے شوقین ہوتے ہیں۔ذرا مختلف قسم کی موٹریں بنانے کا شوق رکھتے ہیں ٹریفک کے حادثات سے بھی سابقہ پڑتا ہے۔

تیسرے گھر میں نیپچون ہوتو: ۔ایسے افراد تخیلاتی ذہن رکھتے ہیں لکھنے اور بولنے میں جذباتی ہوتے ہیں پڑھتے یا بولتے وقت رونے لگتے ہیں برجستہ گفتگو میں ماہر ہوتے ہیں جدت پسند بھی ہوتے ہیں کسی بھی چیز کے متعلق حوالہ نہیں دے سکتے نیز جھوٹ بولنے میں ماہر ہوتے ہیں۔

تیسرے گھر میں پلوٹو ہوتو: ۔ایسے افراد کے بات کرنے کا انداز جھگڑنے اور لڑنے کا سا ہوتا ہے ایسی حالت میں جب لوگ پوچھتے ہیں کہ آخر آپ کو کس بات کا غصہ ہے اس پر انہیں اپنے غصے کا بالکل احساس نہیں ہوتا۔سوچنے پر بھی اپنے غصے کا احساس نہیں کر پاتے بلکہ اپنے آپ کو بالکل پُرسکون پاتے ہیں شکی بھی بے حد ہوتے ہیں۔ایسے افراد اکثر ٹریفک کے حادثات کا شکار ہو کر مرتے ہیں۔

سیارگان در خانہ چہارم

اس گھر کا تعلق بچپن، خاندان، ماں، باپ، گھر والدین جوانی میں گھر، زندگی کے اختتام، آخری ایام مادری حالت، گھریلو معاملات اور غذا وغیرہ سے ہوتا ہے اس گھر میں پیدائشی موقع پر سیاروں کے موجودگی سے جو اثرات مرتب ہوتے ہیں وہ درج ذیل ہیں

پیدائشی زائچہ، چوتھے گھر میں شمس:۔عورت کے زائچے کے چوتھے گھر میں اگر شمس ہو تو اس کی زندگی کا مرکز گھر اور خاندان ہوتا ہے جب کہ مرد کے زائچے کے چوتھے گھر میں شمس کی موجودگی بہترین گھر اور بہترین غذا کی نشاندہی کرتی ہے یہی وہ چیزیں ہیں جو زندگی کو خوشگوار بناتی ہیں ایسے افراد کو گھر اور غذا سے متعلق پیشے اختیار کرنے سے خوشی ملتی ہے خواہ چھوٹے گھر میں رہے مگر اپنی خواہش ہمیشہ بڑے گھر کی ہوتی ہے۔

چوتھے گھر میں اگر قمر ہو تو:۔ایسے افراد کا بچپن کی زندگی پر ماں کا بہت اثر ہوتا ہے۔ان کی جذباتی زندگی گھر اور خاندان کے گرد گھومتی ہے ایسے افراد اپنے ماحول سے محبت کرنے والے ہوتے ہیں اور اپنے گھر سے قریب ہی رہنا پسند کرتے ہیں۔یہ دوسروں کو اچھا کھلا کے اور آرام پہنچا کے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں ایسے افراد گھر اور غذا سے متعلق کام اختیار کر کے خوش رہتے ہیں۔

چوتھے گھر میں اگر عطارد ہو تو:۔ایسے افراد کے والد یا تو بہت ذہین ہونگے یا بہت باتونی گھر میں اچھی کتابیں ہوں گی اور اچھی گفتگو سننے کا ملا کرے گی۔بچپن دو یا دو سے زیادہ گھروں میں گذار دے گا۔گھر کی تبدیلی کی کوئی خاص وجہ ہوگی یا پھر نانی یا دادی یا کوئی دوست متبادل گھر فراہم کرے گا۔جوانی کے بعد بھی گھر کی تبدیلی کی خواہش باقی رہے گی۔

چوتھے گھر میں اگر زہرہ ہو تو:۔بچپن تہذیب یافتہ گھر میں گزرے گا یا ماں کا بہت اثر ہوگا۔اگرچہ ماں اور باپ دونوں زندہ ہونگے مگر ماں کا اثر زیادہ ہوگا بعض اوقات زہرہ بڑی بہن یا کسی دوسری عورت کی بھی نشاندہی کرتا ہے۔جو زندگی پر اثر رکھتی ہے ایسے افراد دوسروں کو سکون اور خوشیاں فراہم کر کے اپنی محبت کا اظہار کریں گے یہ اپنے گھر کی ارآئش بہت خوبصورتی سے کرتے ہیں۔

چوتھے گھر میں اگر مریخ ہو تو:۔ایسے افراد متحرک اور جنگجو قسم کے والدین ثابت ہوتے ہیں زائچے کے چوتھے گھر میں مریخ کی موجودگی کے تحت پیدا ہونے والے افراد اپنے والدین کے متعلق اچھا تاثر نہیں رکھتے کیونکہ باپ ہمیشہ مصروف رہے گا اور اکثر و بیشتر گھر سے باہر رہے گا اور بہت ممکن ہے کہ وہ شرابی بھی ہو یا خاندان کی تباہی کا سبب بھی بنے۔ایسے افراد کا بچپن دکھوں اور زخموں سے داغ دار ہوتا ہے بڑے ہونے کے بعد پھر یہ بھی اپنے باپ کا کردار دہراتے ہیں وہ تمام برائیاں جوان کے باپ میں تھیں ان میں آجاتی ہیں۔

چوتھے گھر میں اگر مشتری ہو تو:۔بچپن میں ماں باپ کا کنٹرول بہت کم ہوگا۔والدین ہر بات کی اجازت دے دیا کریں گے۔بہت فیاض اور ہر بات میں موافقت کرنے والے ہوں گے۔گھر بہت بڑا ہوگا۔جس میں کمرے بہت بڑے بڑے ہوں گے چناچہ بڑے ہونے کے بعد بھی ایسے افراد اپنے اردگرد کشادگی پسند کریں گے۔یہ جائیداد کی خرید و فروخت یا غذائی کاروبار کے ذریعے نفع کمائیں گے۔

چوتھے گھر میں اگر زحل ہو تو:۔بچپن پابندیوں میں گزرے گا والدین غریب ہونگے یا سخت ہوں گے۔یا دونوں باتیں ہونگی۔ایسے افراد سادہ زندگی گزارنا پسند کریں گے۔خاندانی معاملات کے صحیح یا غلط کے متعلق شدید خیالات رکھیں گے۔بارہ سال سے پندرہ سال کی عمر کیریئر میں کامیابی لائے گی۔مگر اس سے زیادہ فائدہ نہ ہوگا۔کیونکہ یہ بہت کم عمری کا زمانہ ہوگا۔پھر 43 سے 45 سال کی عمر میں کامیابی حاصل ہوگی۔پھر ترقی کا آخری موقع ستر سال کی عمر میں ملے گا۔

چوتھے گھر میں اگر نیپچون ہو تو:۔بچپن خواب دیکھتے ہوئے اور تنہا رہتے ہوئے گزرے گا خاندانی پس منظر بہت پراسرار ہوگا۔والدین میں سے ایک موسیقی میں دلچسپی رکھنے والا یا روحانی شخص ہوگا۔ایسے افراد سمندر کے کنارے موسیقی اور خوبصورتی سے بھرپور جگہ میں رہنے کی خواہش ہوتی ہے۔

چوتھے گھر میں اگر پلوٹو ہو تو:۔چوتھے گھر میں پلوٹو کی موجودگی باپ کے انتقال کی نشاندہی کرتی ہے۔بچپن میں بے شمار جذباتی طوفان آئیں گے۔کیونکہ والدین میں اکثر لڑائی جھگڑا ہوا کرے گا۔باپ گھر چھوڑ کر چلا جائے گا۔اور اگر گھر میں رہا تو صرف بچوں کی خاطر رہے گا۔ماں باپ کی لڑائیاں ذہنی اور جسمانی نشوونما پر بے حد اثر انداز ہوں گی۔

ان شاءاللہ آئندہ ماہ اگلے چار خانہ جات پیدائشی زائچہ میں سیارگان کی نشست بارے مضمون شائع کیا جائیگا۔قارئین اپنی آراء سے ضرور مطلع فرمائیں۔

اختر بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد۔ 0313-7091558 — ادارہ روحانیات

اسرار و رموز منازل قمر

تحریر:۔ چوہدری فیصل محمود (لندن)

قارئین تحفہ روحانیات! ایک نئے سلسلہ کے ساتھ حاضر خدمت ہوں میرا یہ مضمون نجوم کے شائقین حضرات کیلئے بیش قیمتی ہے مضمون ہذا کو ان شاءاللہ دو اقساط میں مکمل کیا جائیگا لہذا ایسے حضرات جن کو نجوم سیکھنے کا شوق ہو تو اُنکو چاہیے کے ان دونوں اقساط کو اپنی بیاض میں محفوظ کر لیں تا کہ وقت آنے پر انکا استعمال بہتر طریقہ سے کر سکیں۔ منازل معلومات بارے بہت کم مضامین ملتے ہیں ہر منزل اپنے اندر ایک خاصیت رکھتی ہے۔

منازل قمر اٹھائیس ہیں۔ ہر شب کو ان میں سے کسی ایک میں قمر کا نزول ہوتا ہے۔ شروع ہلال سے محاق تک یعنی اٹھائیس تک پھر انتیسویں شب کو بالکل چاند چھپ جاتا ہے۔ اگر مہینہ انتیس یوم کا ہے تو اٹھائیسویں تاریخ کی شب کو چاند پوشیدہ ہو جاتا ہے اور اگر تیس دن کا مہینہ ہے تو انتیس کو حجاب ماہ ہوگا اور قمر اس پوشیدگی کی رات کو بھی ایک منزل طے کرتا ہے۔ پس انہیں اٹھائیس منازل میں سے چودہ زمین پر اور چودہ زمین کے نیچے ہیں جس وقت ان منازل میں سے کوئی ایک غروب کرتی ہے تو دوسری منزل اس کے مقابل طلوع کرتی ہے۔ عرب ان اٹھائیس منازل میں سے چودہ کو شامی اور چودہ کو یمانی کہتے ہیں۔ اس پہلے مضمون میں ہم چودہ منازل کا ذکر کریں گے ان شاءاللہ آئندہ ماہ باقی چودہ منازل یمانی کا ذکر ہوگا۔

منازل شامی میں اول منزل شامی سرطان ہے اور آخری سماک اعزل ہے اور اوّل منازل یمانی کے غفر اور آخر شاہی عرب ایک منزل کے طلوع اور اس کے مقابل کے غروب کو نوء کہتے ہیں اور وہ تیرہ روز میں ہوتی ہے۔ لیکن جھبہ کہ وہ چودہ روز میں ہوتی ہے جب نوء تمام ہوتی ہے تو سال ختم ہو جاتا ہے۔ پھر از سر نو سال شروع ہوتا ہے اگر ان تیرہ روز میں ایسا اتفاق ہو کہ نوء منزل باراں یا ہوا یا گرمی یا سردی میں ہو تو عرب اس کو نوء کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ حکماء اس منازل کے حق میں اکثر کلام کرتے ہیں۔

السرطان

کہتے ہیں کہ یہ دونوں شاخ حمل کی ہیں اس کا نام ناطح ہے اور وہ دو ستارے ہیں ان کے درمیان فاصلہ بقدر ایک قوس کے ہے۔ جب وسط السماء میں پہنچتا ہے اور دوسرا جنوب میں۔ جس وقت آفتاب اس منزل میں آتا ہے وہ زمانہ اعتدال پر ہو جاتا ہے اور رات دن برابر ہوتا ہے۔ عرب کہتے ہیں کہ جس وقت سرطان طلوع کرتا ہے۔ زمانہ کے اجزاء متساوی ہوتے ہیں اور لوگ اپنے وطن کو بازگشت کرتے ہیں اور اپنے دوست و اقرباء و ہمسایہ کو ہدیہ بھیجتے ہیں۔ اس کا طلوع ماہ نیسان کی سولہویں کو ہوتا ہے اور سقوط تشرین اوّل کی اٹھارہویں کو اور آذر کی اٹھائیسویں کو آفتاب ان میں آتا ہے۔ جس وقت کہ آفتاب سرطان میں آتا ہے اس طرح ایک سال گذرتا ہے۔ اس کی علامات میں سے ستارہ شرمین خیر کے آثار ظاہر ہوتے ہیں اور درختوں میں پھل پیدا ہوتے ہیں اور جو کی فصل کاٹتے ہیں اور سرطان کا رقیب غفر ہے۔



منزل بطین

دوسری منزل کا نام بطین الحمل ہے۔ یہ تین کواکب پوشیدہ ہیں گویا کہ وہ دیگ پایہ ہیں اور یہ منزل سرطان اور ثریا کے درمیان ہے شکل یہ ہے۔



اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔ اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔ لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔

تمام الواح ماہر روحانیات وقت، خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ھدیہ / لوح 4200 روپے

لوح تحفظ معجزاتی

لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے جادو سحر، جنات، بلیات، تعویزات کے اثرات دوبارہ نہیں ہوتے اس لوح کی برکت سے دشمن منہ کی کھاتا ہے اگر کوئی دشمن آپ پر مسلسل جادوئی حملے کر رہا ہے اور ان حملوں کی وجہ سے آپ تباہ و برباد ہوتے جا رہے ہیں یا ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی ایسی کرامتی لوح ہے کہ اس کے پاس رکھنے سے دشمن کا کیا گیا وار ضائع ہو جاتا ہے یا وہ وار واپس دشمن کی طرف پلٹ جاتا ہے اور پھر دشمن اس عذاب میں خود مبتلا ہو جاتا ہے کہ جو عذاب، تباہ و بربادی وہ آپ پر مسلط کرنا چاہتا تھا۔

وہ مایوس افراد جو کہ عاملین کے پاس جا کر مایوس ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے بے شمار لوگ اب زندگی بھر جادو، تعویزات، جنات کے اثرات کے بغیر خوشحال زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس لوح کے پاس رکھنے کے بعد دوبارہ تاحیات جادو کے اثرات نہیں ہوتے۔

ہدیہ لوح 4200 روپے

قارئین تحفہ روحانیات کو

عید مبارک

منجانب:۔ مکتبہ روحانیات

عمل نظرات سیارگان

عشق و محبت ، عزت و دولت و حل المشکلات

تحریر:۔ حکیم علامہ حافظ عتیق الرحمن ضیاء (کراچی)

محترم قارئین السلام علیکم: سیاروں کی اہم نظرات میں چند اعمال حاضر خدمت ہیں اس ماہ کی اہم نظرات میں زہرہ و مشتری کی تثلیث اور عطارد و زحل کی تثلیث اہم ہیں دو سیاروں کے درمیان تثلیث کی نظر تب قائم ہوتی ہے جب دونوں سیارے ایک دوسرے سے 120 درجہ کا زاویہ بنائیں یعنی ایک سیارے سے دوسرا سیارہ پانچویں گھر میں موجود ہو ایسی نظر کو سعد اکبر سمجھا جاتا ہے اگرچہ نریانہ (ہندی) اور سیانا (یونانی) آسٹرولوجی سسٹم میں نظرات کے اثرات میں اختلاف پایا جاتا ہے مگر کسی بھی سسٹم کو اپناتے ہوئے اور سیاروں کی نظرات میں عمل کرتے وقت اس بات کا خیال ضروری ہے کہ جن سیاروں کی نظرات میں عمل کریں وہ سیارے زائچے کے بُرے گھروں میں یا نحس نظر سے متاثر نہ ہوں اور نہ ہی درجاتی لحاظ سے کمزور ہوں تب ہی عمل کے اثرات بہتر نتائج دے سکتے ہیں۔ عزیزان من زہرہ و مشتری کی تثلیث میں کشادگی رزق اور تسخیر و محبت کے اعمال سے فائدہ لیا جاتا ہے عمومی علامت میں سیارہ زہرہ عشق و محبت، حُسن، شادی اور مشتری علم و فضل، رُوحانیت، عزت و دولت پر حکمران تصور کیا جاتا ہے اور مخصوص طور پر مرد کے زائچہ میں سیارہ زہرہ بیوی کی علامت اور عورت کے زائچہ میں مشتری شوہر کی علامت سمجھا جاتا ہے ان دونوں سیاروں کی کمزوری صاحب زائچہ کو ان کی منسوبات کے حصول میں رکاوٹ کا سبب بنتی ہیں زہرہ و مشتری اور عطارد و زحل کی تثلیث کے دوران مخصوص اعمال و اوقات حاضر خدمت ہیں

عمل برائے کشادگی رزق

اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ کِتٰبَ اللّٰہِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِیَۃً یَّرْجُوْنَ تِجَارَۃً لَّنْ تَبُوْرَ لِیُوَفِّیَھُمْ اُجُوْرَھُمْ وَ یَزِیْدَھُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ اِنَّہٗ غَفُوْرٌ شَکُوْرٌ۔ وَمَنْ اَوْفٰی بِعَھْدِہٖ مِنَ اللّٰہِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِہٖ وَذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ۔

کشادگی رزق کے لئے یہ نقش آپ مشتری کے دیے گئے وقت میں بنا کر اپنی جیب میں رکھیں یا ہاتھ میں باندھ لیں یا پھر گھر، دوکان میں فریم کروا کر لگائیں اور اسم "یا بدّوح" روزانہ 200 مرتبہ پڑھنا معمول بنالیں انشاءاللہ رزق میں برکت نصیب ہوگی

‡ نقش تسخیر قلب ‡



نقش تسخیر قلب آیت پاک۔ **"والقیت علیک محبة منی"** کے اعداد کا ہے نقش بنانے کے ترتیب یہ ہے کہ پہلے مثلث نقش عدد 619 سے ترتیب وار 628 تک پُر کرلیا جائے اس کے بعد آیت پاک کو مفرد لکھا جائے اور آخر میں دائرے کی شکل میں 20 مرتبہ **"یا وَدُودُ"** لکھ کر نقش مکمل کرلیا جائے۔ محبت کا دیا گیا یہ نقش اگر مرد اپنی بیوی کے لیے یا جہاں پسند کا رشتہ کرنا چاہتا ہے تو دیئے گئے زہرہ کے وقت میں بنائے اور یہی نقش کوئی خاتون بنائے تو مشتری کے دیئے گئے وقت میں بنائے نقش بناتے وقت عملیات کے اصول کا خاص خیال رکھیں نقش بنانے کے بعد خوشبو سے معطر کر کے اپنے پاس رکھیں اور نقش کی پشت پر یہ عزیمت لکھیں

اللھم سخر قلب فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق یا ودود۔

پہلے فلاں بن فلاں کی جگہ اُس کا نام لکھیں جس کے دل میں محبت پیدا کرنی ہو اور بعد میں اپنا نام لکھیں۔ روزانہ بمع تصور اسم پاک **"یا وَدُودُ"** 200 مرتبہ پڑھ کر مطلوب کے دل و دماغ پر پھونک دے اور اگر مطلوب پاس ہے تو کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں انشاءاللہ جلد محبت میں بے قرار و گرفتار ہوگا۔ اس نقش کو آپ 24 جولائی 2017ء کے اوج زہرہ میں بھی بنا سکتے ہیں۔



نقش حل المشکلات ورد نحوست زحل

۷۸۶

هو	القوی	القادر
القوی	القادر	القوی
القادر	القوی	هو

اس نقش کو آپ عطارد و زحل کے تثلیث میں سیسے کی تختی پر دیئے گئے وقت کے مطابق بنالیں ہر قسم کے مشکلات کے حل کے لئے موثر ہے۔اس کے علاوہ نحوست زحل کے خاتمے کے لئے بھی اس وقت میں بنایا جاسکتا ہے نحوست زحل کے لیے نقش بنانے کے بعد نقش کی پشت پر یہ عبارت لکھیں۔

"اللھم احفظنی نحوست الزحل فلاں بن فلاں"

انشاءاللہ حل المشکلات کے ساتھ ساتھ نحوست زحل کا بھی خاتمہ ہوگا تمام رکاوٹیں دُور ہونے کے اسباب پیدا ہونگے اور اگر یہی نقش 11 جولائی 2017 کے اوج شمس میں بنایا جائے تو قوت اقتدار، عزت و وقار، بلندی مرتبہ، دُشمنوں پر غلبہ اور اُن کے شر سے بچنے کیلئے مفید ہے اوج شمس میں اگر یہ نقش بنائیں تو نقش کی پشت پر شمس کے موکلات **"یا رُوقیائیل ابُو عبدُ اللہ المُذھب"** لکھیں اور نقش کو خوشبو سے معطر کر کے اپنے پاس رکھیں اور اسم اعظم **"ھُو القوِیُ القادِر"** 404 مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔

سیارگان کی تثلیث کے خاص اوقات

نمبر شمار	سیارگان	تاریخ	وقت
1	مشتری	17-07-2017	12:12 to 12:40
2	زھرہ	17-07-2017	23:25 to 23:50
3	مشتری	18-07-2017	09:46 to 10:05
4	مشتری	18-07-2017	11:35 to 12:15
5	زھرہ	18-07-2017	23:15 to 23:45
6	مشتری	19-07-2017	07:00 to 07:45
7	زحل	20-07-2017	07:25 to 07:55

نوٹ) یہ تمام اوقات کراچی ٹائم کے مطابق ہیں آپ اپنے شہر کے مطابق وقت جمع تفریق کرلیں یا ماہر نجوم و روحانیات شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے یا مجھ سے معلوم کرسکتے ہیں۔

حضرت ابراہیم تیمی جو اعظم ترین اولیاء کرام میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ یہ عمل حضرت خضر علیہ السلام نے مجھے تعلیم فرمایا اس عمل سے تین فائدے بیک وقت حاصل ہوتے ہیں اول سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو دوسرا حضرت خضر علیہ السلام سے مشرف ملاقات حاصل ہو اور تیسرا آپ علیہ السلام ملاقات کر کے حاجات حل ہونے کی تدبیر بتاتے ہیں۔قبل طلوع آفتاب و قبل غروب آفتاب۔

سورۃ فاتحہ سات بار، سورۃ فلق سات بار اور سورۃ ناس سات بار، سورۃ اخلاص سات بار، سورۃ کافرون سات بار، آیت الکرسی سات بار اور کلمہ تمجید سات بار اور سات بار یہ دعا پڑھیں۔

اللھم صل علی سیدنا محمد عبدك وحبیبك ونبیك ورسولك النبی الامی وعلی ال سیدنا محمد وبارك وسلم (سات بارہ دعا پڑھنی ہے)

اللھم اغفر لی جمیع المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات الاحیاء فھم والاموات انك مجیب الدعوات ورافع الدرجات یاقاضی الحاجات برحمتك یا ارحیم الراحمین (سات بار یہ دعا پڑھیں)۔

اللھم یا رب افعل بی وبھم عاجلا واجلافی الدین والدنیا والاخرۃ ماانت لہ افعل والا تفعل بنایا مولنا ما نعن لہ اھل انك غفور جواد کریم بر رئوف رحیم۔

اس کا ثواب سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و حضرت خضر علیہ السلام ارواح امت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخشے تین روز میں ستارہ قسمت بالائے عرش نظر آئے اور مشرف بہ زیارت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہو اگر ہر روز ورد رکھے اس کو غیب سے بے مشقت روزی ملے۔

عمل شروع کرنے سے پہلے میرے استاد محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے اجازت لازمی لیں آخر میں مجھ گنہگار اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور تحفہ روحانیات کی ٹیم کے حق میں دعائے خیر کریں۔

خاص شرف قمر

تحریر
گل محمد ککے زئی
(پشاور)

میرے پیارے پیارے دوستو! السلام علیکم آپ کی خدمت میں پہلے بھی چند مضامین ارسال کرتا رہا ہوں۔ سیارہ قمر کا شمار چھوٹے سیاروں میں ہوتا ہے جب یہ سیارہ برج ثور کے 3 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسکی شرفی قوتیں بیدار ہو جاتی ہیں۔ اہل زمین کیلئے یہ نایاب وقت ہے مگر اس سال اس ماہ بہت خاص شرف قمر ہے۔ اس بار شرف قمر 17 جولائی بروز سوموار 14:58 تا 16:21 ہو رہا ہے۔ اس خاص موقع پر خاص مضمون صرف اور صرف تحفہ روحانیات کیلئے بھیج رہا ہوں۔ ویسے تو شرف قمر ہر ماہ آتا ہے لیکن جولائی 2017ء کا شرف قمر کچھ وجہ سے خاص ہے۔

اس کے خاص ہونے کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ان ایام کے نزدیک اوج شمس گزرا جس دن شرف قمر ہے اُس دن کا طالع بھی قمر ہے اور جب قمر درجہ شرف پر پہنچ رہا ہے۔ یہ نہایت مبارک وقت ہوگا جب کوئی سیارہ اپنے طالع میں شرف قوت سے گزرے تو اُس کی طاقت کئی گناہ زیادہ مزید بڑھ جاتی ہے۔ لہذا سال کا سب سے زیادہ طاقتور شرف قمر کہلائے گا۔ اس دوران ایسے افراد جو کہ روحانی خدمات انجام دے رہے ہیں شرف قمر سے متعلق طلسمات اور الواح، انگشتریاں تیار کر کے رکھ سکتے ہیں۔ میرے مضمون سے مکمل طور پر فائدہ اُٹھانے کیلئے اگر میری بات پر غور کریں تو اس وقت کو ضائع ہونے سے بچائیں۔ میرے مضمون میں دی گئی تمام الواح طلسمات اور انگشتریاں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے تیار کروائیں۔ ایسا نہ ہو کہ آپ تجربات کرتے رہیں اور یہ خاص وقت گزر جائے۔ صاحب عمل کی قلم میں روحانیت قوت طاقت کچھ اور ہوتی ہے۔ جو کہ خاص چلہ کشی کے بعد میسر آتی ہے۔ دوسری اہم بات یہ کہ لوح تیار کرنے کے قاعدے اور قانون ہیں جن میں بہت احتیاط سے کام لیا جاتا ہے۔ درج ذیل الواح طلسمات اور انگشتریاں ضرور تیار کروائیں لیکن میری طرف سے معذرت کہ میں اپنی ذات کیلئے اس وقت میں لوح تیار کرونگا ادارہ روحانیات میں باقاعدہ ایک ٹیم ہے جو کہ اس خاص وقت میں عوام کی خدمت میں روحانی تحائف تیار کر رہی ہوتی ہے۔ میرا یہ مضمون شاید آپکو صرف ایک بار پڑھنے سے مکمل طور پر سمجھنے میں نہ آئے بہتر ہوگا کہ بہت غور کے ساتھ 2 یا 3 بار ضرور مطالعہ کریں۔

مال و دولت حاصل کرنے کیلئے

شرف قمر کے وقت اگر مقصد مال و دولت کے حصول کا ہو تو اس خاص وقت میں سورۃ نور کی آیت نمبر 33 **يُغْنِيهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ** کے عدد 2186 میں اپنے نام کے عدد ابجد قمری شامل کریں اور کل حاصل شدہ اعداد کا نقش پُر کریں اس لوح کی دوسری جانب سیارہ قمر سے متعلق طلسم بنائیں حصول مال و دولت کی لوح سے مکمل فائدہ حاصل کرنے کیلئے روزانہ 108 بار آیت مذکورہ کا ورد کریں اور 1060 بار اس آیت کے اسم حسنیٰ **یا غنی** کا ورد کریں کوئی شک نہیں کہ چند دن میں اُس شخص کی کایا پلٹ جائیگی۔ اللہ کے انعام و اکرام کی بارش ہوگی رزق روزی کے بند دروازے کھل جائینگے مشکلات میں آسانی ہوگی۔

اولاد نرینہ کے حصول کیلئے

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ

کلمات کے اعداد 3299

شرف قمر کے وقت میں وہ افراد جو بے اولاد ہوں یا جن کے ہاں بیٹیاں پیدا ہوتی ہوں شرف کی قوتوں سے فائدہ لے کر اپنے مقصد کی تکمیل کر سکتے ہیں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ درج بالا آیت کے اعداد میں میاں بیوی کے نام کے اعداد شامل کریں اور اسی مثلث آبی قاعدہ کے مطابق پُر کریں آیت کے اعداد اپنے طور پر خود بھی نکال لیں تاکہ کسی بھی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہ رہے۔ چاندی کی تختی پر اس لوح کو کندہ کرنے کے بعد خواہشمند عورت کے قد کے برابر گائے کے چمڑا کا ایک بیلٹ تیار کریں۔ اس کے درمیان میں اس لوح کو محفوظ کر لیں اور یہ بیلٹ نوچندا سوموار کو وہ عورت کمر پر باندھ لے انشاءاللہ جلد اثرات برآمد ہونگے۔ لوح باندھنے کے بعد کل حاصل شدہ اعداد یعنی آیت اور میاں بیوی کے نام کے کل اعداد کے مطابق اس آیت کا ورد کریں اگر تعداد حاصل اعداد کی زیادہ ہو تو **یا وارث** کے اعداد 707 کے مطابق ورد کریں۔

حصول اولاد نرینہ

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ

کلمات کے عدد 2531

شرف کے وقت 82 عدد چھوہاروں پر آیت درج بالا کے اعداد کے مطابق ورد کریں آبی چال سے مثلث پُر کریں آیت مذکورہ کے کل اعداد میں میاں بیوی کے اعداد بطریقہ قمر ابجدی نکالنے کے بعد اس آیت کے اعداد میں جمع کر لیں چاندی کی تختی پر قاعدے کے مطابق الواح بنائیں اور اس لوح کو اُس عورت کو دیں جو اولاد کی خواہشمند ہو وہ اپنے گلے میں ڈال لے۔

ایام مخصوصہ کے غسل کے بعد سونے سے قبل ان میں سے دو چھوہارے لیں ان پر 108 بار آیت مذکورہ اول آخر درود شریف پڑھیں دونوں میاں بیوی نیم گرم دودھ سے کھا لیں اس طرح یہ چھوہارے 41 دن استعمال ہونگے اس عمل کی برکت سے سوکھی گود بھی ہری ہو جاتی ہے ان دونوں اعمال میں لوح کی دوسری جانب طلسم قمر لازمی بنائیں۔ لوح کے آخر میں اپنا مقصد دعائیہ انداز میں بھی تحریر کریں بچے کی پیدائش کے بعد اس لوح کو سنبھال کر رکھیں اور آئندہ حسب ضرورت استعمال کریں۔

مخالفین پر فتح پانے کیلئے

اَفتِح اَبوَاب فَتحك لِی یَا مُفَتِّحُ الاَبوَاب

کلمات کے عدد 1631

چاندی کی لوح پر مذکورہ آیت کے اعداد میں اپنے نام مع والدہ کے اعداد شامل کریں اور ان حاصل شدہ اعداد کا مربع آبی چال سے پُر کریں اس لوح کی چاروں جانب آیت مذکورہ لکھیں اس لوح کو قاعدہ کے مطابق احتیاط سے اپنے پاس رکھیں اور باقی عمل دیئے گئے طریقہ سے کریں۔

برائے عزت و توقیر حصول مرتبہ

یَا اِلٰهُ الا لهته الرَّفِیعُ جَلَالُه

کلمات کے عدد 974

شرف کے اوقات میں درج بالا دُعا کو اس کے اعداد کے مطابق اول و آخر درود شریف کے ساتھ ورد کریں بعد ورد قواعد لوح کے مطابق عمل کرتے ہوئے اس دعا کے کل اعداد میں اپنے نام مع والدہ کے اعداد بھی شامل کریں اور مربع آتشی چال سے پُر کریں لوح کی دوسری جانب شرف قمر کا طلسم بنائیں بعد عمل 410 روپے کی شیرینی یا سفید مٹھائی پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کریں اور طریقہ کے مطابق دعا کرنے کے بعد اس لوح کو محفوظ کر لیں ہمیشہ اپنے سامنے والی جیب میں رکھیں اگر ملازم ہے تو افسران بالا صاحب لوح مبارکہ کی وجہ سے خوش ہونگے۔ اگر کم عہدہ ہے تو عہدہ میں ترقی ہوگی۔ یہ چاہے کہ اُس کے عہدہ سے کوئی ہٹا نہ سکے تو یہ خواہش بھی پوری ہوگی۔ سسرال میں جس عورت کی عزت نہیں یا شوہر کی نظر میں کوئی عورت کم تر ہے تو اس لوح مبارکہ کی برکت سے عزت حاصل ہوگی لیکن شرط یہ ہے کہ آیت مذکورہ کا ورد 121 بار بلاناغہ بعد نماز فجر کرے۔

من پسند شادی یا نکاح کیلئے

یَفعَلُ اللهُ مَایَشَآءُ و یحکُم مَایُرِیْد

کلمات کے عدد 958

وہ پریشان والدین جن کی بچیاں گھروں پر ہی بیٹھے زیادہ عمر کی ہو چکی ہیں لیکن مناسب رشتہ نہ ملنے کی وجہ سے والدین پریشان ہیں یا وہ پریشان افراد کہ جن کی اولاد کے رشتے آتے ہوں لیکن کسی نہ کسی وجہ سے طے نہ پاتے ہوں یا وہ لوگ جو مطلوبہ جگہ شادی کرنا چاہتے ہوں لیکن دوسری جانب سے کوئی خاص پیش رفت نہ ہوں تو ایسے تمام افراد شرف کے اس وقت میں اس لوح سے فائدہ لے سکتے ہیں اس لوح کی برکت سے ڈاکٹر، وکیل حضرات یا وہ افراد جن کا عوام الناس سے تعلق ہو مکمل فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

برکات دوکان و آمدن

قُلِ اِنَّ الفَضلَ بِیَدِاللّٰهِ یُؤتِیهِ مَن یَشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیمٌ ○ یَختَصُّ بِرَحمَتِهٖ مَن یَشَآءُ واللّٰهُ ذُوالفضل العظِیم

آل عمران آیت نمبر 73 ۔ کلمات کے عدد 7323

شرف کے اوقات میں سفید تل، چاول اور برفی پر مذکورہ بالا دعا 108 بار پڑھیں اول آخر درود شریف 11 بار پڑھا جائیگا۔ بعد اعمال مکمل ہونے کے اس اناج کو پرندوں کو ڈال دیں اور برفی پر فاتحہ دلوا کر بچوں میں تقسیم کریں ان شاءاللہ اگلے شرف تک اُس شخص کی مالی پریشانیاں ختم ہو جائینگی اور اللہ کے حکم سے ایک سال کے اندر اندر تنگ دست غنی ہو جائیگا اور اسکی روزی کی تنگی ختم ہو جائیگی دوکان سے آمدنی کم ہے تو بڑھ جائیگی اور اگر رزق میں برکت نہیں ہے تو اس عمل کی وجہ سے برکت پیدا ہو جائیگی۔

خاتمہ لڑائی جھگڑا

یُحِبُّونَھُم کَحُبِّ اللّٰہِ وَالذِینَ اٰمَنُوااَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ

سورۃ البقرہ آیت نمبر 165۔۔کلمات کے عدد 958

اس آیت کو آیت حُب کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے اس کی برکت سے دو دلوں میں پیار محبت قائم ہوتا ہے گھریلو لڑائی جھگڑا ختم کرنے کیلئے اس کی تاثیر بہت مانی جاتی ہے شرف قمر کے اس خاص وقت میں کام لینے کیلئے اس کے کل اعداد میں طالب کے نام اعداد مع والدہ ابجد قمری نکال لئے جائیں اسی طرح اپنے مطلوب کے نام کے اعداد مع والدہ نکال کر ان عدد کو اس آیت کے آغاز میں شامل کر لیا جائے۔حاصل شدہ اعداد کا مربع آتشی پُر کیا جائے۔

زیادتی رزق یا بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے

اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالقُوَّۃِ المَتِینُ

سورہ الذرایت 85 آیت کے عدد 2241

زیادتی رزق :۔وَیَرزقہُ مِن حَیثُ لا یَحتَسِب

(طلاق 2) آیت کے اعداد 1447

ان آیات کا شمار رزق و روزی کی کو وسیع کرنے کے معاملہ میں یا بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے بہت مجرب مانا جاتا ہے اس آیت کی روحانیت سے مکمل فائدہ حاصل کرنے کیلئے اس کے کل اعداد میں اپنے نام کے اعداد مع والدہ اور مقصد کے اعداد (زیادتی رزق) کے عدد ابجد قمری شامل کر دیں چاندی کی لوح پر اس کا مربع آبی پُر کریں لوح کی دوسری جانب مچھلی کی تصویر بنائیں اور اس کے پیٹ میں طلسم قمر بنائیں اس کے اوپر کی جانب آیت لکھیں اور آخر میں مچھلی کے نچلی جانب مقصد دعائیہ انداز میں تحریر کریں۔''یا الٰہی!(فلاں بن فلاں کے) رزق روزی میں بے پناہ اضافہ فرما'' لوح کی تیاری کے بعد اس کو قاعدے کے مطابق استعمال میں لائیں۔

لوح مکمل کرنے کے بعد آیت مذکورہ کو 313 بار پڑھیں اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں آیت کے ورد کرنے سے قبل 7 اناج اپنے سامنے رکھیں۔پڑھائی مکمل کرنے کے بعد اس اناج کو ایسی جگہ پر ڈال دیں جہاں پر مچھلیاں ہوں یا بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں شرف کے وقت اس عمل کی برکت سے چند روز میں اس شخص کی کایا پلٹ جاتی ہے ہر جگہ سے رزق روزی کے مواقع ملنا شروع ہو جاتے ہیں۔

پیار محبت قائم کرنے کیلئے

وِانَّہٗ لِحُبِّ الخَیرِ لَشَدِیدُ

سورہ عادیات 8۔آیت کے عدد 1291

خالص چھوٹی مکھی کے شہد پر آیت مبارکہ کو 200 بار ورد کریں یا اس آیت کے اعداد کے مطابق ورد کریں اس شہد کو پھل دار درخت کے نیچے یا ایسی جگہ ڈال دیں جہاں سے مکھیاں یا چیونٹیاں حاصل کر لیں۔اس تمام عمل کو شرف کے وقت میں کیا جائے اس کے علاوہ چاندی کی تختی پر اس آیت کی لوح تیار کریں۔

لوح تیار کرنے کا طریقہ اس طرح ہے کہ اس آیت کے اعداد میں 40 عدد کا اضافہ کریں۔اب اپنے نام مع والدہ کے اعداد بھی اس میں شامل کریں۔اس طرح جس شخص کے دل میں پیار محبت ڈالنا چاہتے ہیں کل حاصل شدہ اعداد کی مثلث آبی پُر کریں۔لوح کے دوسری جانب طلسم قمر بنائیں اور آخر میں اپنا مقصد تحریر کریں۔روزانہ آیت مذکورہ کا ورد 200 بار کریں۔اور تصور میں اپنے محبوب کی جانب پھونک دیا کریں۔اب ان شاءاللہ جلد ہی مطلوبہ شخص کے دل میں آپ کیلئے بے انتہا پیار محبت قائم کرنا ہوگا اگر عمل کی جلد تاثیر قائم کرنا ہو تو روزانہ پڑھ کر شہد پر پھونک دیں اور اسکو چیونٹیوں کو ڈال دیا کریں تو کوئی شک نہیں کہ وہ شخص دیوانہ وار آپ کی طرف دوڑا چلا آئیگا لیکن ہر عمل کی بنیاد یقین کامل ہے۔بے یقین اور آزمائش کرنے والے لوگوں کے ہاتھ کچھ بھی نہیں آئیگا وہ صرف آزمائش ہی کرتے رہیں گے۔

حصول دولت، ادائیگی قرض

اِن تَقرِضُوااللّٰہَ قَرضاً حَسناً یُضاعِفہُ لَکُم یَغفِرُ لَکُم وَاللّٰہُ شَکُورُ حَلِیم عَالِمُ الغَیبِ وَالشھادۃِ العَزِیزُ الحَکِیم

(17.18)۔آیت کے عدد 8173

دولت مندی:۔واللّٰہُ ھُوالغنی وارزقنیٰ

کلمات کے عدد 1311

ان دونوں آیت کی روحانیت ادائیگی قرض اور حصول مال و دولت کیلئے بہت زیادہ مانی جاتی ہے۔ان کی برکت سے مفلس غنی ہو جاتا ہے اور غنی تونگر ہو جاتا ہے۔شرط ہے کہ مکمل طور پر روحانی تقاضے پورے کئے جائیں شرف قمر کے وقت میں اس مقصد کے حصول کیلئے لوح بنانے کا طریقہ اس طرح ہے کہ ان آیتوں کے اعداد میں اپنے نام و مع موالدہ کے عدد بھی شامل کئے جائیں اور اس کا مربع آتشی چال سے پُر کیا جائے روزانہ اس آیت پر

ورد 121 بار کیا جائے اور آخر درود شریف لازمی پڑھیں ان آیات میں بہت سے معجزات دیکھنے میں آتے ہیں کیونکہ یہ آیات اسمائے حسنیٰ **یا اللہ ، یا حلیم، یا عزیز یا حکیم یا غنی یا رزاق** کا مرکب ہیں۔

یا حلیم کی لوح بنانے کا طریقہ

یا حلیم کی لوح تاثیر اور مکمل افادیت سے انکار ہرگز نہیں کیا جا سکتا ہے کیونکہ اسم مبارکہ میں روحانیت بے انتہا ہے اس کی لوح بنانے سے قبل غسل پھر وضو کیا جائے قاعدہ کے مطابق لوح بنانے کا اہتمام کیا جائے اس اسم مبارکہ کی لوح رکھنے والا شخص ہر مشکل اور پریشانی سے محفوظ رہیگا۔ رزق کی تنگی دور ہوگی دلوں سے نفرت کا خاتمہ ہوگا۔ پیار محبت قائم ہوگا اگر بے اولاد ہے تو اولاد نرینہ پائے گا کسی عہدہ یا مقام اعلیٰ کا خواہش مند ہے تو اسے وہ مرتبہ ملے گا غرض کے جملہ مقاصد کے حصول کیلئے یہ لوح اپنی مثال آپ ہے اس کا نقش مربع آبی چال سے پُر ہوگا۔



حلیم کے عدد 88 ہیں کل اعداد میں سے قانون کے 30 نفی کریں تو عدد باقی 58 رہ جائیں گے۔ باقی عدد کو 4 پر تقسیم کیا جائے حاصل عدد 14 ہوگا کسر 2 آئیگی لہذا نقش کے خانہ نمبر 9 میں 1 کے اضافہ کے ساتھ باقی نقش پڑھ کیا جائیگا خانہ اول میں 14 لکھا جائیگا اس نقش کی دوسری جانب طلسم قمر بنائیں گے یہ لوح ہرکارہ کہلاتی ہے یعنی کے اس کا تعلق کسی مخصوص شخص سے نہیں بلکہ کوئی بھی شخص اسے استعمال کر سکتا ہے کیونکہ اس میں کسی بھی شخص کا نام شامل نہیں ہے۔

بے شمار فضائل و برکات والی انگوٹھی

اس انگوٹھی کے بنانے کا طریقہ اور قاعدہ آسان ہے لیکن بات کو مختصر کرنے کیلئے صرف اس برج کی بے مثال برکاتی انگوٹھی کا نقش دیا جا رہا ہے اس کی برکت سے

(1) مشکلات میں آسانی
(2) کاروبار کی بندش کا خاتمہ
(3) مفلسی اور تنگ دستی دور ہونے کے اسباب پیدا ہونا
(4) عزت و مرتبہ حاصل کرنا
(5) قرض کی ادائیگی
(6) مقدمات کا آپکے حق میں فیصلہ ہونا
(7) خواب میں استخارہ کرنا

اس انگوٹھی میں غیب سے مشکل کشائی کے راستے بنتے ہیں الغرض کے اس انگوٹھی میں بے شمار روحانی برکات شامل ہیں اس کے بارے میں جتنی تعریف کی جائے کم ہے اگر آپ نے شرف کی حالت میں اس انگوٹھی کو بنا لیا تو اس کے فیض اور معجزات سے عقل حیران رہ جاتی ہے صرف اس انگوٹھی کو بنانے کا نقش دیا جا رہا ہے۔ عقیق دودھیا، حجر القمر، اوپل پر اس نقش کو کندہ کر سکتے ہیں۔ انگوٹھی پہننے کا طریقہ اور ترتیب قاعدہ کے مطابق ہے باقی لوازمات اور احتیاط کو بار بار دہرانے کی ضرورت نہیں وہ شخص جو اس انگوٹھی کو بنوا لے ضروری ہے کہ انگوٹھی پہننے کے وقت وہ باوضو رہے اور جب تک وہ انگوٹھی پہنے رکھے کوشش کرے کہ باوضو ہی رہے خواتین اس نگینہ پر نقش بنوا کر سونے کے لاکٹ کی صورت میں بھی پہن سکتی ہیں۔

حالت قمر

قمر در عقرب: 02 جولائی 21:59 تا 05 جولائی 10:07
قمر در عقرب: 30 جولائی 05:22 تا 01 اگست 17:01
هبوط قمر: 03 جولائی 01:56 تا 04:50
هبوط قمر: 30 جولائی 09:17 تا 13:05
قمر در ثور: 17 جولائی 10:04 تا 19 جولائی 12:31
شرف قمر: 17 جولائی 14:58 تا 16:21

شادی بیاہ کی تاریخیں

10.11.12.13.14.17.18.20.23.24

سبزیوں کی افادیت

Tomato ٹماٹر

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

ٹماٹر کا شمار ان چند سبزیوں میں کیا جاتا ہے جو پوری دنیا میں اہمیت کی حامل اکھلاتی ہیں ٹماٹر ان سبزیوں کے گردہ تعلق رکھتا ہے جن کا پھل استعمال کیا جاتا ہے اس کا پھل زیادہ دیر تک محفوظ نہیں رہتا۔اس کا پودا فٹ تک اونچا ہوتا ہے۔جس کی شاخیں چاروں طرف زمین تک پھیلی ہوئی ہوتی ہیں۔اس کا اتنا مضبوط روئیں دار ہوتا ہے۔جبکہ پتے بیضوی شکل کے ہوتے ہیں۔ ٹماٹر کے پودے کی جڑیں، چپٹی، گہری اور ریشہ دار ہوتی ہیں پھل بیضوی یا گول ہوتا ہے۔ٹماٹر کا بیج ، چپٹا تعداد میں زیادہ اور قدرے خمدار ہوتا ہے۔ٹماٹر کے ابتدائی وطن بارے ماہرین کا خیال ہے کہ یہ ایکویڈور اور پیرو کے علاقے ہیں جو جنوبی امریکہ میں واقع ہیں سولہویں صدی عیسوی میں ہسپانوی سے یورپ لے آئے۔پندرہ بیس سال تک یہ باغات میں آرائشی اور نمائشی پودے کی حیثیت سے بویا جاتا رہا۔1860ء کے عشرے میں یہ بات منظر عام پر آئی کہ ٹماٹر بھی دیگر سبزیوں اور پھلوں کی مانند ایک مفید غذا ہے۔اس جدید دریافت کے بعد ٹماٹر پوری دنیا میں جنگل کی آگ کی مانند پھیل گیا۔آج کل ٹماٹر کی زیادہ کاشت فلپائن، جنوبی امریکہ، پورے منطقہ حارہ، ملائیشیا، وسطی مشرقی اور مغربی افریقہ، انڈونیشیا کے علاوہ جزائر عرب الہند کے ملکوں میں کی جاتی ہے۔ابتداء میں ٹماٹر کی شکل وصورت ایسی نہ تھی جو آج کل دکھائی دیتی ہے بلکہ ٹماٹر کا پھل چھوٹا موٹا، چھریوں بھرا، بے قاعدہ شکل اور جسامت بہت چھوٹی ہوتی تھیں۔اسکی موجودہ شکل صورتی برسوں سائنسی طریقہ کار اپنا کر تجربات کرتے رہنے کے بعد تبدیل کر لی گئی ہے۔ آج دنیا میں ٹماٹر کی بے شمار اقسام دریافت ہو چکی ہیں جن میں مقبول عام اقسام زیادہ تر ملائم، گول اور سخت گودے والی ہیں۔دنیا بھر میں دوسرے نمبر پر ٹماٹر کاشت ہوتا ہے ٹماٹر ایسی سبزی ہے جس میں تین طرح کی ترشیاں پائی جاتی ہیں جبکہ دیگر سبزیوں میں ایک یا دو ترشیاں اکٹھی جاتی ہیں۔ٹماٹر میں پائے جانے والی پہلی ترش میلک ایسڈ کہلاتی ہے۔جو زیادہ تر سیب میں پائی جاتی ہے دوسری ترشی کو سٹرک ایسڈ کہتے ہیں۔یہ ترشی لیموں، سنگترہ، نارنگی وغیرہ میں پائی جاتی ہے جبکہ تیسری ترشی فاسفورک ایسڈ ہے ان تینوں ترشیوں کا کام الگ الگ ہے۔پہلی ترشی سیب کو کھٹا بناتی ہے۔دوسری ترشی جراثیم کش اور پیشاب آور ہے۔یہ پیری پیری کے مرض میں فائدہ پہنچاتی ہے جبکہ تیسری ناڑی کے درد اور نازی کی دیگر بیماریوں کے علاوہ کئی دوسری امراض میں کام آتی ہے۔جو مریض بیماری کی وجہ سے چارپائی کے ساتھ چپک کر رہ گئے ہوں ان کیلئے ٹماٹر سے مفید غذا کوئی نہیں۔صحت قائم رکھنے والی غذاؤں کی سرتاج غذا ٹماٹر ہے۔یہ ہمیں نہ صرف بیماری کے جراثیموں سے بچاتا ہے بلکہ کمزوری اور سستی کو بھی دور کرتا ہے۔قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔پھیپھڑوں کی بیماریوں کا خاتمہ کرتا ہے جسم میں پیدا شدہ ترشی کو نیست و نابود کرتا ہے اس کے علاوہ جسم میں جراثیم کش اثرات پیدا کرتا ہے۔ٹماٹر استعمال کرنے سے جسم کو ایک خاص قسم کا رس ملتا ہے جو جسم میں جمع شدہ کف اور انول کو تحلیل کر کے نکال دیتا ہے اس کے استعمال سے مثانے کی پتھری بھی تحلیل ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔ٹماٹر میں میگنیشم اور کیلشیم دیگر سبزیوں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔میگنیشیم ہمارے دانتوں اور ہڈیوں کو سخت اور مضبوط بنا تا ہے۔کیلشیم سے ہڈیاں بنتی ہیں۔ان دونوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اکیلا میگنیشیم کچھ بھی نہیں کرتا۔ٹماٹر میں وٹامن سی بہت زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔اگر ہمارے جسم میں وٹامن سی کم ہو جائے تو جسم میں سوجن پیدا ہو جائے، جوڑ کمزور ہو جائیں، جسم کی نشوونما رک جائے، دانت مسوڑھے کمزور ہو جائیں۔ٹماٹر میں وٹامن اے، بی اور جی کے علاوہ وٹامن ڈی بھی پائے جاتے ہیں جو ہماری صحت کیلئے بہت ضروری ہے۔اس لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے بڑھتے بچوں کو زیادہ سے زیادہ ٹماٹر کھلائیں تا کہ ان کی نشوونما بہتر طور پر جاری رہے۔ٹماٹر ایک گھنٹہ میں ہضم ہو جاتا ہے۔بدہضمی کا شکار مریضوں کو ٹماٹر کا رس پینا چاہئے جن مریضوں کو جلدی بیماریاں ہوں انہیں اپنا علاج کروانا چاہئے اور ساتھ ساتھ ٹماٹر کا رس استعمال کریں بہت فائدہ ہوگا۔

ٹماٹر کی غذائی صلاحیت:۔1860ء سے پہلے ٹماٹر کو زہریلی چیز خیال کیا جاتا تھا۔اکثر لوگ اسے تیزابیت پیدا کرنے والی غذا سمجھتے تھے۔یہ خیال عام تھا کہ ٹماٹر کھانے سے جسم کی بافتوں اور خون میں تیزابیت بڑھ جاتی ہے۔اسی واہمے کی روشنی میں ٹماٹر کھانے سے گنٹھیا، نقرس، جوڑوں کے درد اور عام تیزابیت کے مریضوں کو سختی سے منع کیا جاتا

ہے۔علاوہ ازیں ٹماٹر کو کینسر پیدا کرنے والی چیز سمجھا جاتا ہے ٹماٹر کو صرف کھانوں کی سجاوٹ یا رنگ یا ذائقہ دینے والی غذا خیال کیا جاتا ہے۔عام لوگوں کا خیال تھا کہ ٹماٹر میں کسی قسم کی غذائی صلاحیت نہیں پائی جاتی۔ جدید سائنسی تجربات نے ان تمام خیالات کو لغو اور باطل قرار دیا ہے۔ان کے مطابق ٹماٹر بے مثل سبزی ہے جس میں اتنی غذائیت اور صحت بخش اجزاء پائے جاتے ہیں جو کسی دوسری سبزی میں ڈھونڈے سے بھی نہیں ملتے۔100 گرام ٹماٹر میں رطوبت 94.0 فیصد، ریشے 0.8 فیصد، کاربوہائیڈریٹس 3.4 فیصد، چکنائی 0.2 فیصد معدنی اجزاء 0.5 فیصد جبکہ پروٹین 0.9 فیصد تک ہوتی ہے۔ٹماٹر کی اسی مقدار میں معدنی اور حیاتینی اجزاء کی تفصیل یہ ہے کہ کیلشیم 48 ملی گرام، فاسفورس 20 ملی گرام، آئرن 0.4 ملی گرام، وٹامن سی 27 ملی گرام کے علاوہ وٹامن بی کمپلیکس کی کچھ مقدار بھی پائی جاتی ہیں۔ 100 گرام ٹماٹر کی غذائی صلاحیت 20 کیلوریز ہے۔ان میں پانے جانے والی کاروبائیڈریٹس پہلے سے ہضم شدہ شگر کی شکل میں ہوتے ہیں۔ان میں بہت ہی کم مقدار ایسا نشاستہ پایا جاتا ہے جو پکاتے پکاتے شگر میں بدل جاتا ہے۔ٹماٹر میں پائے جانے والی غذائی صلاحیت سے پورا پورا فائدہ حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اسے کچا کھایا جائے۔کیونکہ پکانے سے اس کے قوت آفرین اجزاء برباد ہو جاتے ہیں۔ٹماٹر کا ذائقہ قدرے اچھا نہیں ہوتا۔اس میں قدرے ہیک ہوتی ہے لیکن کچا کھانے کے فوائد کے سامنے یہ ہیک معمولی چیز ہے۔ جسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔صبح خالی پیٹ ایک ٹماٹر کھانے سے جسم میں طاقت آتی ہے اور پیٹ صاف ہو جاتا ہے۔قبض نہیں ہوتی چند دن مسلسل ٹماٹر کھانے سے جو فائدہ حاصل ہوتا ہے وہ کھانے والے کو بھی محسوس ہو جاتا ہے۔بچوں اور عورتوں کے لیے بھی کچا ٹماٹر کھانا بہت مفید رہتا ہے۔اس سے انہیں طاقت حاصل ہوتی ہے۔کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ایام رضاعت میں ٹماٹر کا استعمال نہ صرف ماں کیلئے فائدہ مند ہے بلکے دودھ پینے والے بچے کو بھی فائدہ پہنچاتا ہے۔ماں کا دودھ صاف ہوتا ہے تو بچے کی صحت بھی اچھی رہتی ہے۔پاکستان ایک غریب ملک ہے یہاں کے باشندے سیب کا استعمال مہنگا ہونے کی وجہ سے نہیں کر سکتے قدرت نے انہیں اس کا متبادل ٹماٹر عطا کیا ہے۔اس میں وہ تمام خوبیاں پائی جاتی ہیں جو سیب میں ہوتی ہیں۔اگر ہر روز ایک ٹماٹر کچا استعمال کر لیا جائے تو انسان ڈاکٹروں اور حکیموں کے پاس جانے سے بچ جاتا ہے۔

ٹماٹر کے قدرتی فائدے اور طبی

استعمال :۔ٹماٹر موٹاپا دور کرنے کی بہترین دوا ہے۔روزانہ خالی پیٹ ایک یا دو ٹماٹر کچی حالت میں کھائیں اور ناشتہ نہ کریں۔دو ماہ کی قلیل مدت میں آپ کا وزن حاضر خواہ تک کم ہو جائے گا۔اس طرح جہاں آپ کا وزن کم ہوگا وہاں آپ کے جسم کو ضروری غذائی اجزاء ملتے رہنے سے صحت بھی متاثر نہ ہوگی۔ٹماٹر کے پودے کو پتوں سمیت ہم وزن تلوں کے تیل میں اتنا گرم کریں کہ صرف تیل باقی رہ جائے اس تیل کو کسی بوتل میں محفوظ کر لیں۔درد کرنے والے جوڑوں اور موچ پر اس تیل کی مالش کرنے سے درد ختم ہو جاتا ہے۔ذیابیطس کے مریضوں کے لیے ٹماٹر بھی اچھی غذا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ ٹماٹر میں کاربوہائیڈریٹس بہت کم ہوتے ہیں۔حکماء کا کہنا ہے کہ ذیابیطس پیشاب میں شوگر کنٹرول کرنے سے ٹماٹر بہت ہی موثر علاج بالغذا ہے۔ٹماٹر وٹامن اے کے حصول کا اچھا ذریعہ ہے یہی وجہ ہے کہ آنکھوں سے متعلق بیماریاں جیسے شب کوری، کم روشنی میں نظر نہ آنا اور دور کی چیز صاف دکھائی نہ دینا وغیرہ جو وٹامن اے کی کمی کے سبب پیدا ہوتی ہے۔ ٹماٹر ایک ان تکلیفوں کا موثر تدارک کرتا ہے۔ٹماٹر کے پودے سے تازہ توڑے ہوئے 100 گرام پتے لے کر نیم گرم میں 15,20 منٹ تک بھگوئے رکھیں پھر اس پانی کو چھان کر پی لینے سے بصری اعصاب اور آنکھوں کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔تازہ ٹماٹروں کا جوس شہد اور چٹکی چھوٹی الائچی کا سفوف ملا کر رات کو سونے سے پہلے اور لہسن کی تین تریاں چھیل کر کھانے کے بعد پی لینا تپ دق اور پھیپھڑوں کے علاوہ دیگر انفیکشن کا بہترین علاج ہے۔اس جوس کے پینے سے قوت مدافعت میں حاضر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔اگر تپ دق میں ادویات اثر نہ کر رہی ہوں تو انہیں موثر بناتا ہے۔دمہ کے حالت میں سانس کی نالیوں میں بلغم اکھٹی ہو چکی ہو تو اسے تحلیل کر کے نکالنے کے ساتھ ساتھ مزید بلغم نہیں بننے دیتا۔اس لئے پتھری پیدا ہونے کے خطرات نہ ہونے کے برابر ہو جاتے ہیں۔

ٹماٹر کا دیگر استعمال :۔علام الادویہ کے مطابق طاقتور مصلح ہے۔یہ کسی بھی بیماری کے اثرات کو دور کرتا ہے۔گردوں کے لئے ایسا قدرتی محرک ہے جو بہت ہی نرمی سے اثر کرتا ہے ٹماٹر کھاتے رہنے سے گردوں میں پایا جانے والا زہریلا پن دور ہو جاتا ہے۔یہ زہریلا پن مختلف قسم کے امراض پیدا کرنے کا باعث بنتا ہے۔علاوہ ازیں ہمارے جسم کے سارے نظام بگاڑ دیتا ہے۔ان خرابیوں سے محفوظ رہنے کے لئے ہمیں پودے پر پکے ہوئے ٹماٹر استعمال کرتے رہنا چاہئے۔جوں جوں ٹماٹر میں پکنے کا عمل شروع ہوتا ہے اس میں وٹامن سی کی مقدار بڑھنا شروع ہو جاتی ہے۔

حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ا،ل،ع،ی۔پتھر، مرجان۔مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) دوسروں سے فائدہ حاصل کرسکیں گے۔ جلد بازی نقصان دہ سکتی ہے۔ مستقبل کیلئے بنائے گئے پروگرام پر عمل درآمد کرسکیں گے اور اس ہفتہ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا گھریلو معاملات توجہ طلب ہونگے رومانوی ماحول خوشگوار رہے گا۔ رازافشاء ہونے کا اندیشہ ہے۔ رازداری میں احتیاط برتیں اپنی منزل مقصود کو حاصل کرنے میں کوشاں رہیں گے۔ کسی بچھڑے دوست سے اچانک ملاقات ہوگی۔ شریک حیات کی صحت جسمانی کی طرف توجہ دیں۔

(9 تا 16) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ 04 جون کو برج جوزا سے سرطان میں داخل ہوا جہاں پر اس سیارہ کو ہبوط حاصل ہے یہ برج آپ کے حاکم سیارہ کیلئے نحس ہے۔ 16,17 جولائی کو 28 درجہ پر ہوگا ہبوط کی حالت قائم کریگا اس برج میں اس کا قیام 20 جولائی تک ہوگا ہر قسم کے معاملات میں احتیاط برتیں خصوصاً آگ یا چھری یا ہتھیار کسی بھی قسم کا ہو محتاط رہیں لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ اپنے برج کا صدقہ ضرور دیں یا لوح شرف مریخ ضرور بنوائیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں شمس قران مریخ قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 20 تا 27 جولائی ظاہر ہونگے۔ کسی بھی قسم کا نقصان ہوسکتا ہے لہذا آپ کو سخت احتیاط کرنا ہوگی۔ جسمانی صحت کا خیال رکھیں مخالفین سے محتاط رہیں۔ مالی نقصان کی بھی توقع ہے۔ عزیز و اقارب سے معاملات کو الجھانے کی کوشش نہ کریں تحریری معاہدہ اور گھریلو مسائل میں احتیاط برتیں۔ اس ہفتہ کی کاروباری معاملات توجہ طلب ہونگے۔

(26 تا 31) کسی عزیز سے ملاقات خوشی کا باعث ہوگی۔ یہ دیرینہ ملاقات کسی نئے موڑ کو جنم دے گی۔ سماجی تقریب میں شرکت کرسکیں گے اہم معاملات طے کرسکیں گے کسی اچانک سفر کا امکان ہے۔ خرید و فروخت کرنا سودمند ثابت ہوگا۔ اس ہفتہ آپ کی سماجی حیثیت مستحکم رہے گی کسی سفر یا دور دراز کیلئے سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکیں گے کوئی اچھی خبر سن سکیں گے۔ بنائے گئے پروگرام پر عمل کرسکیں گے۔ کاروبار میں خاطر خواہ اضافہ حاصل کرسکیں گے۔ اس ہفتہ کا لکی نمبر 42 ہے اشارہ سمجھ جائیں۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ب،و۔پتھر، الماس۔مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) اس ہفتہ قریبی تعلقات سے متعلقہ نقطہ نظر میں تبدیلی آئے گی غیر شادی شدہ افراد کی شادی کسی ایسے افراد سے ہونے کا امکان ہے جو مضبوط قوت ارادی کا مالک ہوگا۔ اس ہفتہ میں کی گئی شادی زندگی پر گہرا اثر مرتب کرے گی۔ جبکہ شادی شدہ افراد کی علیحدگی کا امکان ہے یا اس تعلق میں شدید نوعیت کی تبدیلی آجائے گی۔ ہر قسم کی تخلیقی سرگرمیوں اور فلسفیانہ نظریات سے بخوبی آگاہ ہونے کا وقت ہے۔ انعامی سکیموں میں روپیہ لگایا فائدہ دیگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کی خاص نظر عطارد تسدیس زہرہ قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت ایک مرض آپ کی جان چھوڑ دے گا یا اس مرض کی شدت میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔ بشرطیکہ آپ بھی اس وہم کو اپنے دل سے نکال دیں۔ آمدنی بڑھانے کے مواقع ملیں گے نیا کاروبار شروع کرنے کے لئے یہ ماہ نیک ثابت ہوگا اپنے جملہ اہم معاملات میں حوصلہ افزائی نتائج حاصل کرنے کے لئے انہی اوقات میں انجام دیں۔ سفر، تعلیم ادراک اور نصیب جیسے معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ 21 تا 25 اپریل نحس نظر زہرہ مقابلہ زحل قائم ہو رہی ہے۔ شریک حیات یا محبوب سے کسی بات پر اختلاف ہوسکتا ہے نوبت لڑائی جھگڑا پر پہنچ سکتی ہے۔ نتائج اچھے برآمد نہ ہوں گے۔ اپنی مسرتوں میں اضافے کے لئے اپنی صلاحیتوں سے کام لیجئے۔ مستقبل کی فکر بھی حال ہی کی طرح کیجئے۔ آپ کی کچھ خواہشات پوری ہو جانے کے امکانات ہیں۔ امکان ہے کہ ایسا بالکل اچانک ہوگا معاملات میں مدد آور اور معاون ثابت ہوگا۔

(26 تا 31) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ 23 جولائی کو درجہ اوج سے گزرا اس کے اثرات اس ہفتہ بھی رہینگے۔ شرف کے بعد دوسری سعد قوت ہے۔ آپ اپنے رُکے ہوئے معاملات حل کرسکتے ہیں۔ من پسند فرد سے نکاح کا پیغام بھیجنا چاہیں تو یہ بہترین وقت ہے خواتین اپنے نسوانی حسن میں اضافہ کے لئے خاص لوح بنوا سکتی ہیں یا کسی شخص کی مکمل تسخیر کہ کبھی وہ آپ سے جدا نہ ہو یا ہمیشہ وہ آپ کے کن کا تارہ ہے۔ لوح یا نگینہ اوج زہرہ ادارہ سے ضرور بنوائیں۔

جوزا

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔پتھر، زمرد۔مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

(یکم تا 8) اس ہفتہ جاری منصوبے پورے کرنے کی ہمت ہوگی ساتھ کام کرنے والوں اور ماتحتوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ اگر ملک سے باہر جانے اور کام کرنے کا موقع ملے تو اس پر ضرور غور کریں۔ اس ہفتہ فیکس انشورنس اور ایسے تمام قانونی معاملات جن میں کسی نہ کسی طرح روپیہ ملوث ہے اور معاہدات اور مشترکہ مالی معاملات سے متعلق طویل عرصے سے اگر مشکلات کا سامنا ہے تو انہیں حل کرنے کیلئے یہ وقت اس سال کا سب سے موافق وقت ہوگا۔ ان ایام میں اہل خانہ کا تعاون رہیگا۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تثلیث مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 12 تا 16 جولائی رہیں گے یہ نظر ایک بڑے فائدہ کی جانب اشارہ دے رہی ہے لیکن اس کے نتیجہ میں آنے والی رقم ضائع نہ کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دنوں میں کہیں سے مفت کی دولت ہاتھ آجائے۔ غصہ کو قابو میں رکھیں۔ چرب زبانی سے گریز کریں۔ روزمرہ کے کاموں کے دوران حادثہ پیش آنے کی یا صحت کو نقصان پہنچانے کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

(17 تا 25) اگر آپ نے کسی کو اس دوران قرض دیا تو واپس نہ ملے گا بلکہ واپسی کا مطالبہ کرنے پر لڑائی جھگڑا پیدا ہو جائیگا۔ مشہور ہے کہ کسی کو قرض دینا بے وقوفی اور قرض دے کر واپس مانگنا اُس سے بڑی بے وقوفی ہے بہتر ہے کہ بڑی بے وقوفی سے بچنے کیلئے چھوٹی بے وقوفی نہ کی جائے۔ وہ افراد جو بھاری مشینری کے ساتھ کام کرتے ہیں یا سخت قسم کا جسمانی کام کرتے ہیں انہیں خاص طور پر محتاط ہونا چاہئے۔ اپنے ماتحتوں کیساتھ تعلقات بہتر رکھنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اپنے برج کے مطابق ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔ بزرگوں سے اپنے حق میں خصوصی دعا کروائیں۔

(26 تا 31) ایسے افراد جو کہ بیرون ملک کاروبار کرنے یا تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے سفر کے خواہشمند ہیں اس ہفتہ کامیابی ملنے کا امکان ہے۔ ایک ایسے شخص سے ملاقات ہوسکتی ہے جو کہ آپ کی زندگی کو بدل کر رکھ دیگا کچھ لوگ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائینگے اور کچھ افراد کی منگنی طے پا جائیگی۔

سرطان

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ح، ہ، ھ۔پتھر، موتی۔مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

(یکم تا 8) اس ہفتہ رومانوی ماحول سازگار رہیگا کاروباری معاملات میں مصروفیات بڑھے گی۔ روپے پیسے کے معاملات میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قانونی امور میں احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہو گا۔ مشکلات کا بہادری سے مقابلہ کرنا بہتر رہے گا۔ چھٹیوں کیلئے سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکیں گے طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو پورا کرنے کے لئے تعلیم پر پوری توجہ دیں اہم امور کے سلسلے میں بزرگوں سے مشورہ لینا بہتر رہے گا۔

(9 تا 16) اس ہفتے کی گئی سرمایہ کاری بہتر رہے گی۔ چھوٹے سفر پر جانے کا امکان ہے ان ایام میں مستقبل کیلئے منصوبہ بندی کر سکیں گے کسی اہم شخصیت سے ملاقات ہوگی جس سے آپ کی ذہنی آہنگی ہوگی کسی تقریب میں شرکت کے موقع میسر آئے گا۔ آپ کی شخصیت دوسروں کو متاثر کرے گی عزیز و اقارب اور دوستوں سے مراسم خوشگوار ہونے کی امید ہے۔ شریک حیات کا تعاون شامل حال رہے گا۔ گھریلو زندگی کسی جنت سے کم نہ ہوگی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کے دوسرے افراد آپ کو سحر انگیز شخصیت اثر انداز ہوگی شہر کے باہر سفر پیش آنے کا امکان ہے۔ موسم کے اثرات سے محفوظ رہنے کے انتظامات کرنا بہتر ہوگا۔ گھریلو امور میں مصروفیت کے بڑھنے کا امکان ہے اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں شریک حیات اور بچوں کا تعاون بھی حاصل رہیگا۔

(26 تا 31) اس ہفتہ اچانک صدمہ یا جھٹکا پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ اس وجہ سے ذہنی اور جسمانی صحت بہتر نہ رہے گی اور کاروباری حالات کمزور ہو سکتے ہیں اپنے ماتحت افراد پر زیادہ اعتبار نہ کریں۔ محبوب یا مخلص دوست بھی دھوکہ دے سکتا ہے۔ حد سے کیا گیا اعتبار بھی نقصان دہ ثابت ہوگا۔ روپے کے لین دین میں احتیاط برتیں اس ماہ سیاہ اور نیلے رنگ کے لباس کا استعمال نہ کریں اپنے کمرے کے پردے اور بستر کی چادر تبدیل کر کے سفید، کریم، سبز، رنگوں کا استعمال کریں۔ بچوں کے معاملات میں نفسیاتی نہ ہوں ہر کام کو دیکھ بھال کر کریں۔ ایک شخص آپ کے تعاقب میں ہے آپکو پھر تنبیہ کئے دیتے ہیں کہ دھوکہ کے امکانات زیادہ ہیں۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس

حروف۔ م۔ پتھر، ہیرا، لہسنیا۔ مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔ موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مھیمن 115 بار۔ یا متکبر 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) ان ایام میں اخراجات کی زیادتی ہوگی لیکن آئندہ کیلئے کچھ بچا کر رکھنا آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے اخراجات کا ایک جن آپ کے سر پر مسلط ہونے والا ہے آنے والے اہم اور مشکل وقت کیلئے آپکو بہتر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ جتنا ہو سکے ملازمین پر نگاہ رکھیں۔ کچھ پرانے دوستو سے اچانک ملاقات ہوگی جس میں کاروبار کو مزید بڑھانے میں نت نئے مشورے سامنے آئیں گے۔ اگر آپ نے ان مشروں پر عمل کیا تو جلد ہی اپنے اس کاروبار کو بلندی کی جانب لے جائیں گے۔

(9 تا 16) آپ کے برج کے حاکم سیارہ شمس کو اس سال دوسری سعد قوت 11,12 جولائی کو اوج کی شکل میں حاصل ہو رہی ہے کیونکہ یہ سیارہ ان ایام میں اوج کے درجات سے گزرے گا۔ اس ہفتہ عزت مال و دولت، شہرت کیلئے بہتر منصوبہ بندی کر سکتے ہیں کاروباری حضرات اپنے کاروبار کو وسعت دینے کیلئے نئے معاہدے کرنے کیلئے بہترین وقت ہے۔ سستی یا لاپرواہی ہرگز نہ کریں۔ اس ماہ کامیابی ملنے کا زیادہ امکان ہے مگر صدقہ ضرور دیں۔

(17 تا 25) آپ کی لاپرواہی سے ایک بنا ہوا الجھ جائے گا۔ یہ ایام آپ کے لئے نحس ثابت ہو سکتے ہے اس دوران کوئی نیا معاہدہ نہ کریں اور نہ ہی کسی نئی شے کی خریداری کریں زیورات اور جائیداد سے متعلق معاملات فی الوقت التواء میں ڈال دیں ابھی اس قسم کے مسائل حل کرنے کا وقت نہیں ہے۔ اولاد کی جانب خصوصی توجہ دیں۔ ایسے لوگ جو کہ عرصہ دراز سے بیرون ملک سفر کے خواہاں ہیں یا وہ لوگ جو کہ ذاتی کاروبار شروع کرنے کی خواہش رکھتے ہیں

(26 تا 31) اس ہفتہ کے آغاز سے ہی جنس مخالف کی جانب سے مال و دولت ملنے کا امکان ہے یا انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے شریک حیات کے نام سے حصہ لیں۔ اس ہفتہ آپ کے لئے انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کا اچھا وقت ہے اس ماہ آپ کا لکی عدد 86 ہے۔ غیر شادی شدہ افراد کی شادی کا امکان ہے یا پھر کم از کم منگنی یا نکاح ہو سکتا ہے۔ والدین کی صحت کا خیال رکھیں۔ دونوں میں سے کسی ایک صحت خراب ہو سکتی ہے محتاط رویہ اختیار کریں۔

برج سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر، سیارہ عطارد

حروف۔ غ، پ۔ پتھر، زمرد، فیروزہ۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، پیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا عزیز 41 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,9,3
نحس تاریخ 23,20,16
لکی نمبرز 96,75,82,46

سنبلہ

(یکم تا 8) اگر کوئی صلح کی جانب ہاتھ بڑھاتا ہے تو آپ کو پیچھے نہیں ہٹنا چاہئے بیمار کی تیمارداری کرنا اپنا فرض سمجھیں گرد و پیش کا جائزہ لیں کچھ فائدہ ہو سکتا ہے۔ کوئی غالب جذباتی منفی قدم حیثیت و شخصیت پر حرف لا سکتا ہے۔ ملازمت کے خواہش مند افراد کو کسی اہم شخصیت کی مدد سے ملازمت کا حصول ہو سکے گا۔ کسی عزیز دوست کے ساتھ مل کر کاروبار کا آغاز کر سکیں گے مصروفیات میں اضافہ ہو سکتا ہے نئی خوشخبری سن سکیں گے۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ قائم ہونے والی زہرہ تسدیس عطارد کی نظر کے تحت طبیعت میں محبت کا عنصر غالب رہیگا ایک دوست کی جانب سے خوشی کا پیغام آ سکتا ہے کسی محفل میں شرکت کا موقع ملے گا۔ ناراض دوستوں کو منانے کا بہترین وقت ہے موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ عزیز و اقارب سے الجھنے سے گریز کریں اس سلسلہ میں بزرگوں سے مشور کرنا سود مند ثابت ہوگا۔ دوستوں رشتہ داروں اور پڑوسیوں کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کیلئے معاون ثابت ہونگی۔ اہل خانہ کے ہمراہ سیر و تفریحی کا پروگرام بھی بنا سکتے ہیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ کچھ لالچی لوگ آپ کے گرد جمع ہونا شروع ہو گئے ہیں مہمانوں کی آمد متوقع ہے۔ نیک نامی ہو سکتی ہے مضبوط قوت ارادی پیدا کریں حوصلہ مندی سے اپنے مقصد کی جانب بڑھتے رہیں۔ دوسروں پر حاکمیت جمانے کی کوشش نہ کریں۔ ہر کام پیار محبت سے حل کرنے کی کوشش کریں۔

